★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
# تعمیرِ وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

**منشیات کیخلاف اجتماعی شعور بیدار کرنا وقت کی ضرورت ہے، ولی محمد نورزئی**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی پارلیمانی سیکریٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، فضل محمد فاؤنڈیشن کے سربراہ کمانڈر (ر) فضل محمد نورزئی نے کہا ہے کہ منشیات ایک سنگین معاشرتی لعنت ہے جس سے نوجوان نسل کو بچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ منشیات کے خاتمے کے لیے نالیوں اور گلی محلوں سے لے کر تعلیمی اداروں تک مؤثر آگاہی مہم چلانے اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے

**نمبر گیم پوری ہونے پر بلوچستان حکومت کیخلاف تحریک عدم اعتماد لائینگے، اپوزیشن لیڈر**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ نمبر گیم پوری ہونے پر صوبائی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد ضرور لائیں گے، کیونکہ ہر سیاسی جماعت کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حکومت بنائے۔ حکومتی اراکین اور صوبائی وزرا اپنی حکومت سے پریشان ہیں تو اپوزیشن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں، انہیں اچھی وزارتیں بھی دی جائیں گی۔ ایک انٹرویو میں میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ اپوزیشن نے حکومت کے اچھے اقدامات کو سراہا ہے

**پولیوٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں: صدر زرداری**



اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع مہمند کی تحصیل پنڈیالی میں انسداد پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے فائرنگ کے واقعے میں پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

**بلوچستان کی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنایا جائیگا، ربابہ بلیدی**



کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا پائیدار سماجی و معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ صنفی مساوات کے فروغ کے لیے محض پا (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

**اسلامی ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور تجارتی شراکت داری کا فروغ ناگزیر ہے، جام کمال خان**



اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اسلامی ممالک کے درمیان اقتصادی انضمام، تجارتی شراکت داری اور سرمایہ کاری کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم ممالک کو عالمی تجارت میں اپنا مؤثر کردار بڑھانے کے لیے باہمی تعاون، (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

**پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے برآمدات میں اضافہ، نجی شعبے کی مؤثر شمولیت اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو مالی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں**

# کاروباری اصلاحات سے معاشی ترقی کی رفتار تیز کی جاسکتی ہے، وفاقی وزیر خزانہ

**ایس ایم ایز سمیت کاروباری شعبے کے مسائل کا ازالہ ضروری ہے برآمدات کو ملکی معاشی ترقی کی حکمت عملی میں مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہئے، سینیٹر محمد اورنگزیب کا چیمبر سے خطاب**

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر سے ملاقات میں کہا ہے کہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے برآمدات میں اضافہ، نجی شعبے کی مؤثر شمولیت اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو مالی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ حکومت پائیدار معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے، مقابلہ کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے اور برآمدات کا دائرہ وسیع کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ برآمدات کو ملکی معاشی ترقی کی حکمت عملی میں مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے اور ایسی پالیسیاں تشکیل دینا ضروری ہیں جو پاکستانی برآمد کنندگان کو علاقائی اور عالمی منڈیوں میں بہتر مقابلے کے قابل بنا سکیں۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ ایس ایم ایز سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنا سینٹرل کمیٹی کے انٹرنیشنل ڈپٹی کے وزیر ملاقات کر رہے ہیں

**وزیراعظم شہباز شریف نے زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس، اجلاس میں کے پی کے کی صورتحال پر غور کیا گیا ہے، اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک ہیں**

**معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے اور تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی جائیں جناح میڈیکل کمپلیکس میں کم آمدن اور متوسط طبقے کو تشخیص کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں**

# وزیراعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطح اجلاس

## فیلڈ مارشل کی شرکت

## خیبر پختونخوا کی صورتحال پر غور

**جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کا 59 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے 403 بستروں پر مشتمل اس منصوبے کو 23 مارچ 2027 تک فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ**

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم شہباز شریف نے زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس ہوا۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں کے پی کے کی صورتحال پر غور کیا گیا ہے، اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک ہیں۔ قبل ازیں وزیراعظم کی زیر صدارت اسلام آباد میں زیر تعمیر بین الاقوامی معیار کے اسپتال، جناح میڈیکل کمپلیکس کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت کو تسلی بخش (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

**بلوچستان کے تاجروں کو آسان شرائط پر قرضے دیے جائیں، بلال کاکڑ**

**بلوچستان کے کاروباری افراد کو آسان شرائط پر قرضوں اور مالی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے میں تعاون کرے**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان (EXIM Bank) کے صدر وسی ای او شہباز احمد سید نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے کاروباری طبقے کو درپیش مالی مشکلات، بالخصوص قرضوں کے حصول میں رکاوٹوں اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

**عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، اے سی برشور**

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ نے برشور شہر اور گردونواح کے تجارتی مراکز میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے ایک جامع اور سخت عوامی مہم کا آغاز کر دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

**روس اور یوکرین کے ایمرجنسی وارننگ سسٹمز پر سائبر حملے**

**حکام نے ان جعلی الرٹس کی تصاویر بھی جاری کیں جو یوکرین کی فضائی خطرے سے آگاہ کرنے والی ایپ پر ظاہر ہوئی تھیں**

ماسکو، کیف (سی ایم نکس) روس اور یوکرین کی ایمرجنسی الرٹ ایپس مبینہ طور پر ہیک ہو گئی ہیں۔ روس اور یوکرین دونوں نے کہا ہے کہ ان کے ہنگامی انتباہی نظاموں کو سائبر حملوں کا سامنا کرنا پڑا ہے، ماسکو میں روسی وزارت ہنگامی حالات نے کہا کہ اس کے الرٹ ایپ پر ہونے والا بڑے پیمانے کا سائبر ایک حملہ آوروں کو جعلی اطلاعات بھیجنے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

**ڈیرہ بگٹی میں جدید آئی ٹی ہب مکمل کر لیا گیا**

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) ہب کا منصوبہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ اینیشی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

**مسونگ، بازار میں مختلف شاہراہوں پر ناجائز تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن**

**مشکلات پیدا کرنے والے ریڑی بان و دکانداروں کیخلاف بلاتفریق سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی**

**مستونگ بازار کے کوئٹہ روڈ، مسجد روڈ، اسٹیڈیم روڈ اور محراب روڈ سے ناجائز تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا گیا**

مستونگ (خ ن) ڈپٹی کمشنر بہرام سلیم کے خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سالاتی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی آصف حسن سارنگزئی اور ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لانگو نے انتظامی ٹیم و مشینری کے ہمراہ بازار میں مختلف شاہراہوں پر ناجائز تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے کوئٹہ روڈ، مسجد روڈ اور محراب روڈ سے فٹ پاتھ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

**سیلاب سے تقریباً 15 ارب ڈالر کا مادی نقصان ہوا اور مزید 15 ارب ڈالر کے معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا سیلاب سے 30 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے 22 ملین گھر تباہ ہوئے**

# اسٹیٹ بینک کا ماحول دوست قرضوں کے فروغ کیلئے عالمی پروگرام کا آغاز

**ماحول دوست مالکاری کے فروغ میں پاکستان خواتین، کسانوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کو مرکزی اہمیت دیتا ہے: گورنر اسٹیٹ بینک**

**یہ شمولیتی ماحول دوست قرضوں کی پالیسی پر عملدرآمد کا مشترکہ تعلیمی پروگرام ہے جس میں اے ایف آئی نیٹ ورک کے 38 بین الاقوامی نمائندے شریک ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) بینک دولت پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے اسلام آباد میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور الائنس فار فنانشل انکلوژن (اے ایف آئی) کے چار روزہ پروگرام کا افتتاح کیا۔ یہ شمولیتی ماحول دوست قرضوں کی پالیسی پر عملدرآمد کا مشترکہ تعلیمی پروگرام ہے جس میں اے ایف آئی نیٹ ورک کے 38 بین الاقوامی نمائندے شریک ہیں جو چار براعظموں کے 24 ملکوں سے تعلق رکھنے والے مرکزی بینکوں اور مالی ضابطہ ساز اداروں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس سرگرمی کا مقصد ماحول دوست قرضوں پر پالیسی کے عزم سے آگے بڑھ کر عملی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



اسلام آباد: وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ اور علی پرویز ملک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے وزیر اور چینی وفد کے ساتھ گروپ فوٹو

**ادارے میں ایک ایک روپے کا حساب ہوگا، پاکستان ریلوے سے بدعنوانی کا خاتمہ پہلی ترجیح، وفاقی وزیر حنیف عباسی**

# تاریخ میں پہلی بار پاکستان ریلوے کے مالیاتی گوشواروں کا عالمی آڈٹ کروانے کا فیصلہ

**ریلوے میں شفافیت کے لیے عالمی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم کی خدمات پی پی آر اے قوانین کے تحت حاصل کی جائیں گی**

لاہور (آن لائن) پاکستان ریلوے میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے تاریخ میں پہلی بار ادارے کے مالیاتی گوشواروں کا بین الاقوامی معیار (IFRS) کے تحت آڈٹ کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ مالی سال 26- (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

**میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی، میئر میونسپل کارپوریشن اوستا محمد**

**محمد مظفر خان جمالی نے محکمہ لوکل گورنمنٹ بلوچستان کی فراہم کردہ دو نئی مشینری کا افتتاح**

اوستا محمد (خ ن) میئر میونسپل کارپوریشن اوستا محمد مظفر خان جمالی نے محکمہ لوکل گورنمنٹ بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ دو نئی مشینری کا میر اسد خان جمالی، نوابزادہ سالار خان جمالی اور میر ضرار خان جمالی کے ہمراہ رہن کاٹ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

**بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری**

**قد و چھاتی کی پیمائش میں کامیاب امیدواروں کے دوڑ ٹیسٹ کا انعقاد**

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالغنی بلوچ نے دوڑ ٹیسٹ کے عمل کی نگرانی کی، امیدواروں کو محنت، نظم و ضبط اور فرض شناسی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ کوئٹہ، 03 نومبر 2026 بلوچستان پولیس میں نئی بھرتیوں کے سلسلے میں قد و چھا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

**بلوچستان ریلوے میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے تاریخ میں پہلی بار ادارے کے مالیاتی گوشواروں کا بین الاقوامی معیار (IFRS) کے تحت آڈٹ کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ مالی سال 26- (باقی صفحہ 2 نمبر 12)**

**بلوچستان وپشتونخوا سے متعلق ریاستی پالیسی کو تبدیل کرنے کو ناگزیر قرار دیا ہے، این ڈی ایم**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں ضلع قلعہ عبداللہ کے گاؤں تکمہ مسیری پر دہشت گردوں کے حملے اور مقامی عوام کو شہید و زخمی اور اغوا کرنے کے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

**الجر وریزیڈنشل اسکول اینڈ کالج زیارت کو طلبہ کی سہولت کیلئے نئی بس فراہم کر دی گئی**

زیارت (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر حکومت بلوچستان کی جانب سے طلبہ کو بہتر سفری (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

**اوستہ محمد شہر میں بدامنی اور ڈکیتی و رہزنی کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی**

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد شہر میں بدامنی اور ڈکیتی و رہزنی کی وارداتوں میں مسلسل اضافے کے باعث شہریوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ آئے روز مسلح افراد شہریوں کو اسلحے کے زور پر لوٹ کر باآسانی فرار ہو جاتے ہیں، جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کرنے لگے ہیں۔ شہر میں بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث عوام میں خوف (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

**ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس**

**پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ**

بارکھان (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور صوبائی حکومت کی انسداد پولیو کے لیے موثر اقدامات کی پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت ضلع بارکھان میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی ایونگ ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں پولیو مہم کی پیش رفت، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران اور پولیٹیوں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے رہ جانے والے بچوں (Missed Children) اور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

**پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان میڈیا، ثقافت اور عوامی روابط کے فروغ پر اتفاق**

**پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کی بات چیت**

**عطاء اللہ تارڑ اور سعودی سفیر کی ملاقات، مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام، ڈراموں کے تبادلے اور میڈیا تعاون بڑھانے کی تجویز**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر راجح بن طامی الحجی نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اطلاعات، نشریات، میڈیا، ثقافت، سیاحت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات کو مضبوط بنانے پر مشترکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

**قازقستان کی سستی توانائی پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت کیلئے پرکشش ثابت ہو سکتی ہے، وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری و تجارت**

# پاکستان اور قازقستان کا دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور فضائی رابطوں کے فروغ پر اتفاق

**ای کامرس، گوداموں، ٹیکسٹائل اور معدنیات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، قیصر احمد شیخ**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری و تجارت قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ اقتصادی تعاون کو عملی تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے، دونوں ممالک کے درمیان موجودہ معاہدوں پر مؤثر عملدرآمد اور پیکاری روابط میں بہتری سے دوطرفہ تجارت کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے تیان شانگ فورم کے موقع پر قازقستان (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

**ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس**

**پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ**

بارکھان (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور صوبائی حکومت کی انسداد پولیو کے لیے موثر اقدامات کی پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت ضلع بارکھان میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے روز کی ایونگ ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں پولیو مہم کی پیش رفت، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران اور پولیٹیوں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے رہ جانے والے بچوں (Missed Children) اور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

**طبی عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے، امیر علی جمالی**

**صحت کے شعبے میں بہتری لانے کیلئے محکمہ صحت کی تمام تر کوششیں جاری ہیں**

گندواخہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اوستہ محمد امیر علی جمالی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع بھر میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں بہتری لانے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

**سردار ایاز صادق کی پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن کی نومنتخب قیادت کو مبارکباد**

**آزاد اور ذمہ دار میڈیا جمہوری معاشرے کے استحکام اور قومی اداروں کی مضبوطی کیلئے ناگزیر ہے**

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے نومنتخب عہدیداران اور ڈائریکٹرز کو کامیابی پر مبارکباد دیتے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

**تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضمانت ہے، ماریہ شمون**

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پال کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد ماریہ شمون نے گورنمنٹ گرلز کالج اوستہ محمد میں یوم قائداعظم کے سلسلے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)




اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کو صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

**صحبت پور، ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس**

**امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے**

**کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائے جائیں**

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور امن و استحکام کو برقرار رکھنے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی اور سیکیورٹی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ ضلع میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جا (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

**عمرہ زائرین کو تیز رفتار اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے فوکل پرسن نامزد کیا جا رہا ہے: سعودی سفیر**

**سعودی سفارتخانے کے دروازے اپنے پاکستانی بھائیوں کے لیے ہمیشہ کھلے رہیں گے، سردار یوسف سے گفتگو**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الحجی کی ملاقات ہوئی۔ سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا، جوائنٹ سیکرٹری تاج سید عبدالوحید شاہ بھی ملاقات میں شریک تھے۔ ملاقات میں حج و عمرہ انتظامات اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لئے مشترکہ کوششوں کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ تعیناتی پر سعودی سفیر کو خوش آمدید کہتے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)





ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی شہر میں بجلی اور گیس کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

**عامر ڈوگر کا کمیٹی کی تشکیل کے فارمولے پر تنظر ثانی کا مطالبہ، 2013 کے انتخابی اصلاحات کمیٹی کے فارمولے کو مدنظر رکھنے کی تجویز**

# انتخابی اصلاحات کمیٹی مذاکرات کی شمولیت کیلئے وفاقی حکومت کا خیر مقدم

**طارق فضل چوہدری کا عامر ڈوگر سے ٹیلی فونک رابطہ حکومت کی جانب سے اپوزیشن کو پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی دعوت**

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے انتخابی اصلاحات کے عمل کو مشاورت اور اتفاق رائے سے آگے بڑھانے کے لیے اپوزیشن سے رابطے تیز کر دیے ہیں۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف کے چیف وہپ عامر ڈوگر سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں انتخابی اصلاحات کے لیے قائم کی جانے والی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل، اپوزیشن کی نمائندگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

**نواب جنگیز خان مری کی مچھرہ میں فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت**

کوہلو (آن لائن) ایم پی اے کوہلو نواب جنگیز خان مری نے ضلع کوہلو کے علاقے مچھرہ میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

**ڈپٹی کمشنر دکی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم سے متعلق اجلاس**

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کیدانی کی زیر صدارت انسداد پولیو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

**انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت پولیو مہم کے دوسرے روز کے اختتام پر جائزہ اجلاس**

خلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر خلات انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت پولیو مہم کے دوسرے روز کے اختتام پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران ڈبلیو ایچ او خلا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

**سیاسی کارکن قومی وطن کے دفاع اور وسائل کے تحفظ کو ریڈ لائن قرار دیں، لشکری رئیسانی**

**بلوچستان بدترین انتظامی بحران، افراتفری اور کرپشن کا شکار ہے، سینئر سیاستدان کی شدید تنقید**

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ سیاسی کارکن قومی وطن کے دفاع، وسائل کے تحفظ، آئندہ نسل کی عزت اور وقار کو ریڈ لائن قرار دے کر میدان میں نکل کر ریاست اس کے سہولت کاروں، ''آستین میں چھپے سانپوں'' کیخلاف کھڑے ہو کر قومی وطن کی تقسیم، افراتفری، بے روزگاری اور لوٹ مار کا راستہ روکیں، یہ بات انہوں نے پیر کے روز سراوان ہاؤس میں رخشان ڈویژنز سے تعلق والے سیاسی کارکنوں پر مشتمل دو الگ الگ وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

**زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، شمس الملک بادینی**

**کاشتکاروں کو زرعی پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی محکمہ آبپاشی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے**

نصیر آباد (خ ن) ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی نے کہا ہے کہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی محکمہ آبپاشی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، پٹ فیڈر کینال کے کمانڈ ایریا میں پانی کی دستیابی اور ترسیل کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ کسانوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پٹ فیڈر کینال کے 621 آر ڈی بابا کوٹ کے دورے کے موقع پر کیا، (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

**پاکستان کی حرمین شریفین سے نسبت قیامت تک برقرار رہے گی وفاقی وزیر مذہبی امور**

**عمرہ زائرین کو تیز رفتار اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے فوکل پرسن نامزد کیا جا رہا ہے: سعودی سفیر**

**سعودی سفارتخانے کے دروازے اپنے پاکستانی بھائیوں کے لیے ہمیشہ کھلے رہیں گے، سردار یوسف سے گفتگو**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الحجی کی ملاقات ہوئی۔ سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا، جوائنٹ سیکرٹری تاج سید عبدالوحید شاہ بھی ملاقات میں شریک تھے۔ ملاقات میں حج و عمرہ انتظامات اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لئے مشترکہ کوششوں کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ تعیناتی پر سعودی سفیر کو خوش آمدید کہتے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

**پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان میڈیا، ثقافت اور عوامی روابط کے فروغ پر اتفاق**

**پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کی بات چیت**

**عطاء اللہ تارڑ اور سعودی سفیر کی ملاقات، مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام، ڈراموں کے تبادلے اور میڈیا تعاون بڑھانے کی تجویز**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر راجح بن طامی الحجی نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اطلاعات، نشریات، میڈیا، ثقافت، سیاحت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات کو مضبوط بنانے پر مشترکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

# مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ

یمن کے حوثیوں کے خلاف کارروائی کرنے والے سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے مکہ کے علاقے میں ایک ڈرون کو روک کر تباہ کر دیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ مکہ ریجن میں ایک ڈرون کی نشاندہی کے بعد اسے روک کر تباہ کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کو حالیہ عرصے میں متعدد مرتبہ حملوں کی لہروں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ مکہ ریجن میں ڈرون روکنے کا یہ واقعہ بھی انہی واقعات کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ تاحال ڈرون کے ہدف، مقامِ پرواز اور ذمہ دار فریق کے بارے میں مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں

**بقیہ 01**

کاروباری شعبے کے مسائل کا ازالہ ضروری ہے تاکہ حکومتی پالیسیاں سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، روزگار کے مواقع اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہوں۔ صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر نے ایس ایم ایز کے فروغ، مالی وسائل تک رسائی بہتر بنانے اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے حوالے سے لاہور چیمبر کی تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ کاروبار دوست ماحول، پالیسیوں میں تسلسل و یکسانیت، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اور برآمدات میں اضافہ پائیدار معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے مسلسل مشاورت کی جائے تاکہ کاروباری پالیسیوں میں زمینی حقائق اور تاجروں و صنعتکاروں کو درپیش مسائل کو مدنظر رکھا جا سکے۔ علی حسام اصغر نے ایس ایم ایز کے لیے مالی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے، کاروباری توسیع میں معاونت اور جدید خطوط پر کاروبار کی ترقی کے لیے سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری اداروں کو اپنی سرگرمیاں وسعت دینے، سرمایہ کاری بڑھانے اور معاشی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے عملی اور مدنی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ٹیکس اور ضابطہ جاتی پالیسیوں کے حوالے سے وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ ان کا مقصد پیداواری معاشی سرگرمیوں کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ معیشت کو دستاویزی شکل دینا اور ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کاروباری برادری سے مسلسل مشاورت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مجوزہ اقدامات کے کاروبار، سرمایہ کاری اور روزگار پر اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کاروباری مسائل کے حل، ایس ایم ایز کے فروغ اور برآمد کنندگان کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے چیمبر آف کامرس، صنعتی نمائندوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت اور برآمدات پر مبنی مسابقتی معیشت کی تشکیل کے لیے نجی شعبے کے ساتھ مؤثر اشتراک ناگزیر ہے۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان، وفاقی سیکرٹری خزانہ اور ٹیکس پالیسی آفس، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے نمائندے بھی شامل تھے۔

**بقیہ 02**

جدید تجارتی، مالیاتی سہولتوں اور کاروباری روابط کو مزید منظم بنانا ہوگا۔ جبکہ اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط اقتصادی تعاون نہ صرف برآمدات میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے بلکہ عالمی معیشت میں ان کی اجتماعی حیثیت کو بھی مستحکم کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترکیہ کے نائب صدر جودت یلماز کی زیرصدارت اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی اقتصادی و تجارتی تعاون کی قائمہ کمیٹی کے 42ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس میں انہوں نے پاکستان کی جانب سے اقتصادی تعاون، تجارتی سہولتوں اور برآمدات کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ اسلامی ممالک کو برآمدات میں اضافے کے لیے جدید، مؤثر اور کم لاگت تجارتی مالیاتی سہولتوں کو فروغ دینا ہوگا۔ بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو آسان مالیاتی سہولتوں اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ بین الاقوامی تجارت میں مؤثر انداز میں حصہ لے سکیں۔ جام کمال خان نے بتایا کہ پاکستان نے برآمدات کے فروغ اور تجارتی خطرات میں کمی کے لیے ایگزم بینک کو فعال کیا ہے، جو برآمد کنندگان کو قرضوں کی انشورنس، مالی ضمانتوں اور ری فنانسنگ سمیت مختلف سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان نے برآمد کنندگان کے لیے رعایتی مالیاتی سہولتوں میں بھی نمایاں اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدی قرضوں کے نظام کو ڈیجیٹل بنایا جا رہا ہے تاکہ کاروباری اداروں کو بروقت اور فوری مالی معاونت فراہم کی جا سکے۔ پاکستان اسلامی اصولوں پر مبنی مالیاتی نظام کو بھی وسعت دے رہا ہے، جس میں مرابحہ، سلم اور اجارہ جیسی سہولتیں شامل ہیں۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان میں قائم اسلامی چیمبر آف کامرس اینڈ ڈویلپمنٹ 57 اسلامی ممالک کے نجی شعبوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے کا اہم پلیٹ فارم ہے۔ اس ادارے کے ذریعے اسلامی ممالک کے کاروباری اداروں کے درمیان تجارتی روابط، سرمایہ کاری اور مشترکہ کاروباری منصوبوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں باہمی تعاون اسلامی ممالک کی معاشی مسابقت بڑھانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ان شعبوں میں مشترکہ اقدامات سے نہ صرف تجارتی سرگرمیوں کو وسعت ملے گی بلکہ جدید عالمی معاشی تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے میں بھی مدد ملے گی۔ جام کمال خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اسلامی ممالک کے درمیان تجارتی شراکت داری، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے COMCEC کے کردار کو سراہتے ہوئے اجلاس کے کامیاب انعقاد پر ترکی کی حکومت کا شکریہ بھی ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلامی ممالک کو باہمی اقتصادی تعاون کے ذریعے دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے تاکہ مشترکہ ترقی، خوشحالی اور عالمی تجارت میں مؤثر شراکت داری کی راہیں مزید ہموار کی جا سکیں۔

**بقیہ 03**

پالیسیوں اور اعلانات پر اکتفا کرنے کے بجائے مستند اعداد و شمار، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی سطح پر مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ادارے یو این ایف پی اے، محکمہ ترقی نسواں حکومت بلوچستان، نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن اور یونیسیف کے اشتراک سے کوئٹہ میں بلوچستان کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کے فریم ورک National Gender Parity Indicators Framework پر منعقدہ دو روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کا فریم ورک خواتین اور مردوں کے درمیان مختلف شعبوں میں موجود تفاوت کی نشاندہی، پیش رفت کی پیمائش اور پالیسی سازی کو قابل عمل بنانے کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس فریم ورک کے ذریعے تعلیم، صحت، معاشی مواقع، سیاسی شرکت، قیادت اور فیصلہ سازی سمیت مختلف شعبوں میں صنفی مساوات کی صورتحال کا منظم جائزہ لیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو درپیش سماجی، معاشی اور تعلیمی چیلنجز کے پیش نظر قابل اعتماد صنفی اعداد و شمار کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں، مختلف اضلاع اور سماجی طبقات کے درمیان موجود فرق کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی پالیسیاں تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو زمینی حقائق کی عکاسی کریں اور خواتین کو عملی طور پر ترقی کے یکساں مواقع فراہم کر سکیں۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے لیبر فورس سروے 2020-21 کے مطابق بلوچستان میں 15 سال سے زائد عمر کی آبادی میں خواتین کی لیبر فورس میں شرکت کی شرح تقریباً 8 فیصد جبکہ مردوں کی شرح 43.6 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو خواتین کی معاشی شمولیت کے حوالے سے موجود بڑے فرق کی نشاندہی کرتی ہے۔ اسی طرح بلوچستان کی صنفی مساوات رپورٹ 2024 بھی خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شرکت اور روزگار کے مواقع بڑھانے کی ضرورت کو اجاگر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے ہنرمندی کی تربیت، کاروبار کے مواقع، مالی وسائل تک رسائی، محفوظ کام کے ماحول اور خواتین کے لیے سازگار ادارہ جاتی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔ حکومت بلوچستان خواتین کی تعلیم، صحت، تحفظ اور معاشی بااختیاری کے لیے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام، خواتین کے قانونی حقوق کا تحفظ، وراثت میں حق کی فراہمی اور عوامی و انتظامی اداروں میں خواتین کی نمائندگی بڑھانا بھی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس مقصد کے لیے سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کے درمیان مربوط تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے تربیتی ورکشاپ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ محکموں کے افسران اور اسٹیک ہولڈرز کی استعداد کار میں اضافے سے صنفی اعداد و شمار جمع کرنے، ان کا تجزیہ کرنے اور انہیں قومی سطح کے اشاریوں کے مطابق مرتب کرنے میں مدد ملے گی۔ اس عمل سے نہ صرف بلوچستان کی حقیقی صورتحال قومی سطح پر اجاگر ہو گی بلکہ پالیسیوں اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثریت جانچنے اور وسائل کی بہتر تقسیم میں بھی معاونت ملے گی۔ مشیر ترقی نسواں نے یو این ایف پی اے، یونیسیف اور نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کی ترقی اور بااختیاری کے لیے تمام متعلقہ اداروں کا مشترکہ کردار وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ترقی نسواں بلوچستان میں صنفی مساوات کے فروغ، خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی و صوبائی ترقی کے دھارے میں مؤثر طور پر شامل کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

**بقیہ 04**

اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار اور شہید پولیس اہلکاروں کی فرض شناسی، بہادری اور قومی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں، ان کی قربانیاں فراموش نہیں کی جائیں گی۔ ایک بیان میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کی قومی مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ صدر مملکت نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار اور زخمی پولیس اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں، ان کی قربانیاں فراموش نہیں کی جائیں گی۔

**بقیہ 05**

قرار دیتے ہوئے کہا کہ معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے اور تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی جائیں۔ جناح میڈیکل کمپلیکس میں کم آمدنی اور متوسط طبقے کو تشخیص کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعظم نے پیٹ اسکین و دیگر جدید تشخیصی سہولیات کو منصوبے کا کلیدی حصہ بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر بہترین علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے نجی اداروں کی خدمات حاصل کی جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کا 59 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ مرکزی ہسپتال اور پارکنگ پلازہ کا بنیادی ڈھانچہ مکمل ہے۔ 403 بستروں پر مشتمل اس منصوبے کو 23 مارچ 2027 تک فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ طبی آلات کی تنصیب و دیکھ بھال، ہسپتال کے ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم اور دیگر انتظامی امور پر بھی پیش رفت جاری ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ایچ ایون میں جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے فیز ٹو منصوبے پر نظرثانی شدہ ڈیزائن کے تحت قومی سطح پر مسابقتی بڈنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، تعمیراتی کام بھی جلد شروع ہو جائے گا۔ منصوبے کیلئے جدید تشخیصی مشینری و مشینری کی خریداری پر بھی کام جاری ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، سید مصطفیٰ کمال، طارق فضل چوہدری اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

**بقیہ 06**

قابل بنا سکتا تھا۔ روسی وزارت ہنگامی حالات نے واضح کیا کہ عوامی انتباہی نظام معمول کے مطابق کام کر رہا ہے۔ یہ پیش رفت اس واقعہ کے فوراً بعد سامنے آئی ہے جب یوکرین کی فضائی حملوں سے آگاہ کرنے والی ایپ نے ایک بظاہر ہیکنگ کے بعد غلط انتباہات جاری کر دیے تھے۔ روس کی ایمرجنسی ایپ پر ایک جعلی پیغام بھیجا گیا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ یوکرین نے روس کے تمام علاقوں کی طرف جوہری ہتھیاروں سے لیس ڈرون بھیج دیے ہیں۔ اس پیغام میں لوگوں کو کہا گیا کہ وہ تین ہفتوں کا کھانے پینے کا سامان جمع کریں اور محفوظ جگہوں پر چلے جائیں۔ دوسری جانب یوکرین کی فضائی خطرے سے خبردار کرنے والی ایپ پر بھی جعلی پیغامات نظر آئے، یوکرین کے حکام نے اس ہیکنگ کا الزام روس پر لگایا ہے اور شہریوں سے کہا ہے کہ ایپ میں آنے والے کسی بھی غیر معمولی یا مشکوک پیغام کو نظرانداز کریں۔ دونوں ممالک میں ان جعلی الرٹس نے لوگوں میں تشویش پیدا کر دی، لیکن حکام کا کہنا ہے کہ اصل ہنگامی انتباہی نظام بدستور کام کر رہا ہے۔ ادارے نے ان جعلی الرٹس کی تصاویر بھی جاری کیں جن میں جو یوکرین کی فضائی خطرے سے آگاہ کرنے والی ایپ پر ظاہر ہوئی تھیں۔ روس اور یوکرین کی ایمرجنسی الرٹ ایپس مبینہ طور پر ہیک ہو گئی ہیں۔ روس اور یوکرین دونوں نے کہا ہے کہ ان کے ہنگامی انتباہی نظاموں کو سائبر حملوں کا سامنا کرنا پڑا ہے، ماسکو میں روسی وزارت ہنگامی حالات نے کہا کہ ان کی الرٹ ایپ پر ہونے والا یہ مبینہ سائبر حملہ، حملہ آوروں کو جعلی اطلاعات بھیجنے کے قابل بنا سکتا تھا۔ روسی وزارت ہنگامی حالات نے واضح کیا کہ عوامی انتباہی نظام معمول کے مطابق کام کر رہا ہے۔ یہ پیش رفت اس واقعہ کے فوراً بعد سامنے آئی ہے جب یوکرین کی فضائی حملوں سے آگاہ کرنے والی ایپ نے ایک بظاہر ہیکنگ کے بعد غلط انتباہات جاری کر دیے تھے۔ روس کی ایمرجنسی ایپ پر ایک جعلی پیغام بھیجا گیا جس میں دعویٰ کیا گیا کہ یوکرین نے روس کے تمام علاقوں کی طرف جوہری ہتھیاروں سے لیس ڈرون بھیج دیے ہیں۔ اس پیغام میں لوگوں کو کہا گیا کہ وہ تین ہفتوں کا کھانے پینے کا سامان جمع کریں اور محفوظ جگہوں پر چلے جائیں۔ دوسری جانب یوکرین کی فضائی خطرے سے خبردار کرنے والی ایپ پر بھی جعلی پیغامات نظر آئے، یوکرین کے حکام نے اس ہیکنگ کا الزام روس پر لگایا ہے اور شہریوں سے کہا ہے کہ ایپ میں آنے والے کسی بھی غیر معمولی یا مشکوک پیغام کو نظرانداز کریں۔ دونوں ممالک میں ان جعلی الرٹس نے لوگوں میں تشویش پیدا کر دی، لیکن حکام کا کہنا ہے کہ اصل ہنگامی انتباہی نظام بدستور کام کر رہا ہے۔ ادارے نے ان جعلی الرٹس کی تصاویر بھی جاری کیں جن میں جو یوکرین کی فضائی خطرے سے آگاہ کرنے والی ایپ پر ظاہر ہوئی تھیں۔

**بقیہ 07**

ہے، کارروائی کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سید رضی حر نے بازار کا تفصیلی دورہ کیا اور دکانداروں کے پاس سرکاری نرخ ناموں کا معائنہ کیا۔ انتظامیہ نے مجموعی طور پر تاجروں کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اپناتے ہوئے گراں فروشی اور نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے والے متعدد دکانداروں کو موقع پر سخت وارننگ جاری کی کہ وہ فوری طور پر سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد شروع کر دیں، تاہم، مسلسل خلاف ورزی کرنے اور سرکاری احکامات کو ہوا میں اڑانے والے 5 دکانداروں کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا گیا۔ انتظامیہ کے اس متوازن غریب پرور اور بلاامتیاز اقدام کو شہریوں اور خریداروں کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سید رضی حر نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر خالد شمس کی واضح ہدایات ہیں کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ انہوں نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ ہمارا مقصد تاجر برادری کو بلاوجہ تنگ کرنا نہیں، بلکہ شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے تاجروں پر زور دیا کہ وہ عوامی مفاد کو مقدم رکھیں، بصورت دیگر وارننگ کے بعد بھی قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**بقیہ 08**

ل کیا گیا۔ اس موقع پر بی او آئی ٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالستار اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے شہریار خان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے تاجروں، صنعت کاروں، ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو اپنے کاروبار کی توسیع کے لیے مالی معاونت اور قرضوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ EXIM بینک اس سلسلے میں اپنا مؤثر کردار ادا کرے اور بلوچستان کے کاروباری افراد کو آسان شرائط پر قرضوں اور مالی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے میں تعاون کرے، تاکہ وہ اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے ساتھ ملکی و بین الاقوامی تجارت میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر EXIM بینک کے صدر و سی ای او شہباز انجم سید نے بلوچستان کے کاروباری طبقے کو مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مثبت دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ دونوں جانب سے اس سلسلے میں تعاون کو آگے بڑھانے اور قابل عمل اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔

**بقیہ 09**

یڈ (BSD) کے تحت مکمل ہونے والا یہ منصوبہ علاقے کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم، عملی تربیت اور ڈیجیٹل مہارتوں کے حصول کے مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ آئی ٹی ہب کا قیام حکومت بلوچستان، پاک فوج، فرنٹیئر کور بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کے باہمی تعاون سے عمل میں لایا گیا ہے، جس کا مقصد ڈیرہ بگٹی کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کے شعبے میں آگے بڑھنے کے قابل بنانا ہے۔ جدید آئی ٹی ہب کے قیام سے مقامی نوجوان انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں میں تعلیم اور عملی تربیت حاصل کر سکیں گے۔ اس منصوبے سے نوجوانوں کی تکنیکی صلاحیتوں میں بہتری، ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ اور مستقبل میں روزگار کے نئے مواقع تک رسائی میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت مکمل ہونے والا یہ منصوبہ ڈیرہ بگٹی میں تعلیمی اور تکنیکی ترقی کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی فراہم کرنے سے مقامی نوجوانوں کو ڈیجیٹل معیشت میں اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع میسر آسکیں گے۔ دوسری جانب طلباء اور مقامی افراد نے ڈیرہ بگٹی میں جدید ترین انفارمیشن ٹیکنالوجی ہب کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے علاقے کے نوجوانوں کے لیے ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس طرح کے منصوبے مقامی سطح پر تعلیم، ہنرمندی اور ترقی کے نئے راستے کھولنے میں معاون ثابت ہوں گے۔

**بقیہ 10**

پر قائم ناجائز تجاوزات سڑک پر کھڑے ریڑھیوں کیبن اور سامان کو ہٹاتے ہوئے مالکان کو آخری وارننگ جاری کر دی گئی آئندہ سڑک پر ریڑھی کھڑا کرنے یا فٹ پاتھ پر اسٹال قائم کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاتے اور مالک کو گرفتار و جرمانہ کیے جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کے خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ حلالی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مستونگ آصف حسن ساڑکزئی ایڈیشنل ایس ایچ او زیر لانگو نائب تحصیلدار محمد انور شنگزئی ایویٹی آفیسر احمد خان نے دیگر عملے کے ساتھ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مستونگ بازار کے کوئٹہ روڈ، مسجد روڈ اسٹیڈیم روڈ اور محراب روڈ سے ناجائز تجاوزات کا مکمل خاتمہ کیا گیا اس دوران انتظامی آفیسران نے فٹ پاتھ پر قائم اسٹالز سبزی و فروٹ ریڑھیوں و دکانوں کے سامنے قائم تجاوزات کو ہٹاتے ہوئے متعدد ریڑھیوں کے ترازو کرسیاں و دیگر سامان ضبط جبکہ کئی کو آخری وارننگ دیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ودیگر آفیسران نے دکانداروں کو تنبیہ کی کہ ایڈیشنل کمشنر مستونگ بہرام سلیم کی ہدایات کی روشنی میں آئندہ کسی بھی قسم کے تجاوزات و بازار میں لوگوں کیلئے مشکلات پیدا کرنے والے ریڑھی بان و دکانداروں کیخلاف بلاتفریق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**بقیہ 11**

اقدامات کرتا ہے۔ گورنر نے اپنے کلیدی خطاب میں کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی اور مالی عدم شمولیت میں گہرا تعلق ہے۔ ماحولیاتی دھچکوں سے جن لوگوں کو سب سے زیادہ خطرہ ہے وہ چھوٹے کاشت کار، چھوٹے اور بہت چھوٹے کاروباری ادارے، اور کم آمدنی والے گھرانے ہیں۔ یہی لوگ بیمہ، بچت، یا باضابطہ قرضوں جیسی سہولتیں ملنے کے امکانات سے سب سے زیادہ دور ہیں۔ گورنر نے کہا "ماحولیاتی قرضوں کو ماحول دوست سرمایہ کاری سے آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے کمیونٹی کی مدد بھی کرنی ہوگی تاکہ وہ خطرات سے پیشگی آگاہ ہو، نقصانات برداشت کرنے کی اس کی صلاحیت بڑھے، اور وہ بدلتے ہوئے موسم کے مطابق خود کو ڈھالے"۔ گورنر نے پاکستان میں 2022ء کے تباہ کن سیلاب کی جانب اشارہ کیا۔ اس سیلاب سے تقریباً 15 ارب ڈالر کا مادی نقصان ہوا اور مزید 15 ارب ڈالر کے معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ سیلاب سے 30 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے اور 2.2 ملین گھر تباہ ہوئے۔ گورنر نے کہا کہ صورت حال ظاہر کرتی ہے کہ مالی نظام کا ماحول دوست اور شمولیتی ہونا کیوں ضروری ہے۔ پاکستان کی پیش رفت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہاں مالی شمولیت کی شرح 71 فیصد تک پہنچ چکی ہے، صنفی فرق گھٹ کر 27 فیصد رہ گیا ہے، اور پاکستان اے ایف آئی نیٹ ورک کے ہمسر ضابطہ کاروں کے ساتھ اپنی گرین ٹیکسانومی اور ماحولیاتی خطرات کے فریم ورک کا تبادلہ کر رہا ہے۔ گورنر نے اسٹیٹ بینک کا ترقی پسند ضوابطی فریم ورک اجاگر کیا، جس میں ماحول دوست بینکاری کے رہنما اصول (2017ء)، ماحولیاتی اور سماجی خطرے کے انتظام کا فریم ورک (2022ء)، پاکستان گرین ٹیکسانومی اور ماحولیات سے جڑے مالی خطرات کے بارے میں ضوابط کے ساتھ ماحولیاتی دباؤ کی جانچ کے رہنما اصول (دسمبر 2025ء) شامل ہیں۔ خواتین کی مالی شمولیت کے فروغ کے اقدامات پر گورنر جمیل احمد نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کی مالی شمولیت کے پروگرام کو ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کا تعاون حاصل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان 2025ء میں ویمن انٹرپرینیورز فنانس کوڈ کا حصہ بنا، جس میں اسٹیٹ بینک مالی صنعت کے مرکزی ادارے کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے اے ایف آئی کے چار ستونوں ترقی، فراہمی، تحفظ اور روک تھام کے متعلق پاکستان کی سرگرمیوں سے بھی آگاہ کیا۔ گرین ٹیکسانومی ماحول دوست سرگرمیوں کی سائنسی بنیاد پر درجہ بندی کرتی ہے، جبکہ بدلی فنانسنگ اسکیموں کے ذریعے مالی خدمات سے محروم طبقات کو قرضہ دیا جاتا ہے۔ خواتین پر مرتکز پروگراموں کے ذریعے مالی مضبوطی کو تقویت دی جاتی ہے، اور ماحولیاتی خطرے سے متعلق ضوابط اور دباؤ کی جانچ سے مالی اداروں کو ممکنہ جھٹکوں کے لیے تیار رہنے میں مدد ملتی ہے۔ گورنر نے کہا کہ شرکا آئندہ دنوں میں ماحول دوست مالیات کی آپریشنلائزیشن، ماحول کے لحاظ سے اسمارٹ زراعت اور نفاذ کے مسائل جیسی صنف سے متعلق رکاوٹوں کے بارے میں اپنے تجربات سے ایک دوسرے کو آگاہ کریں گے۔ انہوں نے کہا، "کسی بھی پالیسی فریم ورک کی کامیابی کا پیمانہ اس کا نفاذ اور عوام کی زندگیوں پر اس کے اثرات ہیں۔" گورنر جمیل احمد نے شراکت داری پر اے ایف آئی کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ اس پروگرام کے توسط سے ہم سر اداروں کے روابط مضبوط بنانے اور ممالک کے درمیان معلومات کے مستقل تبادلے میں مدد ملے گی۔ اے ایف آئی میں ممبر انگیجمنٹ اینڈ ایویلوایشن کی ڈائریکٹر اسٹریٹجی مس ایلن حق اور عالمی بینک کے ٹریژرر نے بھی افتتاحی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے مختلف ملکوں کے اختراعی (innovative) تجربات اور شمولیتی اور ماحول دوست پائیدار مالکاری کی اچھی روایات کی عکاسی معلومات کے تبادلے کے پلیٹ فارم کو اہم قرار دیا۔ انہوں نے اسٹیٹ بینک اور اے ایف آئی کے تشکیل کردہ پلیٹ فارم کو سراہا، جس کا مقصد ہم سر اداروں میں سیکھنے کے عمل، شراکت اور اے ایف آئی کے رکن اداروں کے درمیان نفاذی تجربات کے تبادلے کو فروغ دینا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں اس نوعیت کے مشترکہ پروگرام کا پہلی مرتبہ انعقاد اسٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی کے عملی نفاذ اور بین الاقوامی تعاون کے ذریعے شمولیتی اور ماحول دوست پائیدار مالکاری کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار ہے۔ توقع ہے کہ یہ پروگرام ہم سر ادارہ جاتی روابط کو فروغ دے گا اور زیادہ جامع، موسم کے لحاظ سے لچکدار اور پائیدار مالی مستقبل کے مشترکہ وژن میں اپنا حصہ ڈالے گا۔

**بقیہ 12**

کے آڈٹ کے لیے عالمی معیار کی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے آڈٹ فرم کا انتخاب مکمل میرٹ، پی پی آر اے (PPRA) قوانین اور ای پیڈز (PADSE) پورٹل کے ذریعے عمل میں لایا جائے گا۔ یہ قدم ایس او ای (SOE) ایکٹ 2023 کے تحت مالیاتی کنٹرول کو مضبوط بنانے کے لیے اٹھایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ آزاد آڈٹ رپورٹ کی بنیاد پر سخت فیصلے کیے جائیں گے اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ادارے میں ایک ایک روپے کا حساب ہوگا اور بدعنوانی کا خاتمہ ہماری پہلی ترجیح ہے۔ وزیراعظم خود ریلوے کی کارکردگی کی نگرانی کر رہے ہیں اور ہم ادارے کو مالی طور پر خود مختار بنائیں گے۔

**بقیہ 13**

واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے ریاست، حکومت اور سیکورٹی اداروں کو اس واقعہ اور علاقے میں مسلح گروہوں کی دہشت گردانہ سرگرمیوں کا ذمہ دار قرار دیا ہے۔ بیان میں قاتلوں کی فوری گرفتاری، مقتولین کی بازیابی کا مطالبہ اور بلوچستان و پشتونخوا سے متعلق ریاستی پالیسی کو تبدیل کرنے کو ناگزیر قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان جنوبی پشتونخوا کے دیگر علاقوں کی طرح قلعہ عبداللہ میں بھی گزشتہ کئی مہینوں سے مسلح گروہ سرعام دہشت گردی، بھتہ خوری، قتل و غارتگری، اغوا گردی کی مجرمانہ سرگرمیوں میں مصروف ہے اور قانون کی گرفت سے آزاد ہے جس کی وجہ سے تمام عوام سخت اذیت ناک صورتحال اور جان و مال، عزت و آبرو اور تجارت و کاروبار کی تحفظ کے مسئلے سے دوچار ہیں۔ بیان میں قلعہ عبداللہ میں اس دہشتگردی کے خلاف جاری جمہوری احتجاج اور دھرنے کے شرکاء کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی ہے۔

**بقیہ 14**

کے ڈپٹی میئر حاجی خان پالال چیف آفیسر سکندر تیہ اور کونسلران بھی موجود تھے نئی مشینری کی فراہمی سے شہر میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کی بہتری میں مدد ملے گی اس موقع پر میئر مظفر خان جمالی نے کہا کہ شہر کی صفائی ستھرائی اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے نئی مشینری کی فراہمی خوش آئند ہے، جس سے میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔

**بقیہ 15**

ٹی کی پیمائش کے مرحلے میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے دوڑ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس کی نگرانی ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالحئی بلوچ نے کی۔ انہوں نے ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور امیدواروں کی جسمانی صلاحیتوں کو جانچنے کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر امیدواروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی عبدالحئی بلوچ نے کہا کہ محکمہ پولیس میں بھرتی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا مقصد ایسے اہل، باصلاحیت اور جسمانی طور پر فٹ نوجوانوں کا انتخاب کرنا ہے جو مستقبل میں عوام کی جان و مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور امن و امان کے قیام میں اپنا مؤثر کردار ادا کر سکیں۔

**بقیہ 16**

سہولیات کی فراہمی کے لیے گرلز ریذیڈنشل اسکول اینڈ کالج، جناح کیمپس زیارت کو ایک نئی بس فراہم کر دی گئی۔ اس سلسلے میں آج ادارے کے پرنسپل پروفیسر شبیر احمد بڑیچ کو بس کی چابیاں حوالے کی گئیں۔ اس موقع پر سیکرٹری ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ محمد ہاشم غلزئی، ایڈیشنل سیکرٹری عبدالمالک اچکزئی، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر حسین بلوچ، ڈائریکٹر کالجز سردار صادق کبزئی، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بھی موجود تھے۔ بس کی فراہمی سے ادارے کے طلبہ کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، جس سے نہ صرف طلبہ کو درپیش سفری مشکلات میں کمی آئے گی بلکہ تعلیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ ادارے کی انتظامیہ نے اس قابل قدر اقدام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سیکرٹری ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور محکمہ کالجز حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی اداروں کو سہولیات کی فراہمی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

**بقیہ 17**

کے نائب وزیراعظم سیرجان زوماانگارین سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور قازقستان کے درمیان دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور فضائی رابطوں کے فروغ سمیت اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قیصر احمد شیخ نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری اداروں کے براہ راست روابط بڑھانے اور نجی شعبے کی شمولیت کو فروغ دینے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ای کامرس، گوداموں، ٹیکسٹائل اور معدنیات سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ قازقستان میں نسبتاً کم قیمت توانائی پاکستانی ٹیکسٹائل سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش مواقع فراہم کر سکتی ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان صنعتی اور تجارتی تعاون کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ قازقستان کے دوران طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں پر جلد عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ معاہدوں کو عملی شکل دینا اور بینکاری روابط بہتر بنانا دو طرفہ تجارت میں اضافے کے لیے ضروری ہے۔ اس موقع پر قازقستان کے نائب وزیراعظم سیرجان زوماانگارین نے کہا کہ پاکستان کی 25 کروڑ آبادی پر مشتمل مارکیٹ قازقستان کے لیے اہم تجارتی مواقع رکھتی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے پانچ سالہ روڈ میپ بھی تیار کیا گیا ہے۔ ملاقات میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ پاکستان اور قازقستان اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، باہمی تجارت میں اضافے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھیں گے۔

**بقیہ 18**

وہراس پھیل رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پولیس امن و امان قائم کرنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس بلوچستان اور ڈی آئی جی نصیر آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ اوستہ محمد میں بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے، پولیس گشت میں اضافہ کیا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

**بقیہ 19**

انکاری والدین (Refusal Cases) پر خصوصی توجہ دینے اور مائیکرو پلان کے مطابق مقررہ اہداف کے سو فیصد حصول کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ پولیو ٹیموں کی روزانہ کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کی جائے اور مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع بارکھان میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور ہر بچے تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پہنچانے کو یقینی بنایا جائے گا۔

**بقیہ 20**

ثقافتی منصوبوں کے آغاز اور میڈیا کے شعبے میں باہمی تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی سفیر کو پاکستان میں سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان تعلق محض سفارتی یا سیاسی نوعیت کا نہیں بلکہ تاریخی، مذہبی اور عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے۔ یہ تعلقات کئی نسلوں پر محیط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان میڈیا، ثقافت، ڈرامہ، موسیقی، سیاحت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں ممالک کو ان مواقع سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے مشترکہ منصوبوں پر کام کرنا چاہیے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی متحرک قیادت میں سعودی عرب نے معاشی اور ثقافتی شعبوں میں نمایاں تبدیلیاں متعارف کرائی ہیں۔ سعودی شہر العلا میں سیاحت کا فروغ اور الدرعیہ کی تاریخی و ثقافتی اہمیت کو جدید انداز میں اجاگر کرنا سعودی قیادت کے وژن کی نمایاں مثالیں ہیں۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کو بھی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین حالیہ دفاعی معاہدہ دفاعی شعبے میں مضبوط شراکت داری کی عکاسی کرتا ہے۔ ملاقات کے دوران پاکستانی ڈراموں کو سعودی عرب میں متعارف کرانے کی ضرورت پر خصوصی زور دیا گیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستانی ڈرامے خاندانی اقدار، مشرقی روایات اور اسلامی ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں، اس لیے انہیں سعودی ناظرین تک پہنچانے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جانی چاہئیں۔ وفاقی وزیر نے دونوں ممالک کے درمیان ادیبوں، شاعروں، فنکاروں، موسیقاروں، میڈیا نمائندوں اور ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں کے وفود کے تبادلوں کی تجویز بھی پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے تبادلے دونوں معاشروں کو ایک دوسرے کی ثقافت اور روایات سے قریب لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی شہری فرمان علی خان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے 2009 میں جدہ میں سیلاب کے دوران متعدد افراد کی جانیں بچاتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی تھی۔ ان کی قربانی پاکستان اور سعودی عرب کے عوام کے درمیان محبت، بھائی چارے اور انسانی ہمدردی کی لازوال مثال ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور سیاحتی مقامات سے مالا مال ملک ہے۔ انہوں نے سعودی میڈیا نمائندوں، سیاحوں اور ڈیجیٹل انفلوئنسرز کو پاکستان کے مختلف سیاحتی مقامات کے دورے کی دعوت دی تاکہ وہ پاکستان کے قدرتی حسن اور ثقافتی ورثے کو دنیا کے سامنے اجاگر کر سکیں۔ ملاقات میں غلط معلومات اور منفی پروپیگنڈے کی روک تھام، فیکٹ چیکنگ کے نظام کو مؤثر بنانے اور دونوں ممالک کی مشترکہ ثقافتی اقدار کی عکاسی کرنے والا ڈیجیٹل مواد تیار کرنے میں تعاون پر بھی زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے اس مقصد کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی تجویز دی، جس میں دونوں ممالک کے فوکل پرسنز اور تکنیکی ٹیمیں شامل ہوں۔ عطاء اللہ تارڑ نے سعودی سفیر کو سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے عوامی آگاہی اور اہم حکومتی اقدامات کی تشہیر کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے جاری کی گئی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کو 80 لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا گیا۔ اس موقع پر سعودی سفیر [illegible] نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد، احترام اور سیاسی و عسکری تعاون کو قابل فخر قرار دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تقریبات، فنون لطیفہ، ادب اور میڈیا کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

**بقیہ 21**

ان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات یقینی بنائے جائیں اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

**بقیہ 22**

ت کے سربراہ اور پی ایچ آئی کے ڈی ایم سمیت یو سی ایم اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں آج کے مہم ٹیموں کی کارکردگی۔ ٹارگٹ، ٹیموں کو درپیش مسائل سکیورٹی انتظامات اور دیگر امور کا بغور جائزہ لیا گیا اور مہم کے تیسرے روز کے لیے جامع پلان سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔

**بقیہ 23**

SNID نومبر 2026 کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو میٹنگ ڈپٹی کمشنر آفس دکی میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تحصیل عبدالسلام شاہوانی، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان شنگلوی، پولیس سیکیورٹی فوکل پرسن نظر اللہ مری، ایم ایس ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، CRTO مانیٹر EOC ڈاکٹر صفدر پانیزئی، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر عزیز خان، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عبداللہ جان، اے ڈی ایم راز محمد، ای پی آئی آفیسر پیر محمد، سی او سعید احمد، آئی ایس ڈی کو آرڈینیٹر صدام حسین، یو سی ایم اوز، لائن ڈیپارٹمنٹس کے مانیٹرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران انسداد پولیو مہم کے پہلے روز فیلڈ میں تعینات پولیو ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی پیش رفت، ٹیموں کی حاضری، فیلڈ مانیٹرنگ اور مائیکرو پلان پر عملدرآمد سے متعلق رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی، حساس اور ہائی رسک علاقوں پر خصوصی توجہ، رہ جانے والے بچوں کی فوری نشاندہی اور انہیں پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکموں، پولیو ٹیموں، سیکیورٹی اداروں اور مانیٹرنگ اسٹاف کو باہمی رابطے اور ذمہ داری کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ انسداد پولیو مہم قومی ذمہ داری ہے، جس کی کامیابی کے لیے فیلڈ میں موجود تمام ٹیموں کی مکمل معاونت اور مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران مائیکرو پلان پر مکمل عملدرآمد، بروقت روانگی اور مقررہ علاقوں میں کوریج کو یقینی بنایا جائے تاکہ ضلع دکی میں کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ اجلاس میں مہم کے پہلے روز کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ دوسرے روز کی حکمت عملی، فیلڈ ٹیموں کی مؤثر نگرانی اور مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مزید اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

**بقیہ 24**

شدید مذمت کرتے ہوئے دو معصوم بچوں سمیت تین افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہتے شہریوں، بالخصوص معصوم بچوں کو فائرنگ کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ ایسے واقعات سے علاقے کے امن و امان اور شہریوں کے تحفظ کو خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ نواب جنگیز مری نے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کی فوری نشاندہی کر کے انہیں گرفتار کیا جائے اور قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

**بقیہ 25**

منعقدہ پروقار تقریب میں شرکت کی تقریب میں کالج کی پرنسپل، تدریسی عملے اور طالبات نے شرکت کی تقریب کے دوران طالبات نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی شخصی سیاسی بصیرت بے مثال جدوجہد اصول پسندی اور قیادت کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے مختلف موضوعات پر تقاریر اور خوبصورت ٹیبلوز پیش کیے طالبات نے اپنی پرفارمنس کے ذریعے قائداعظم کی زندگی کے اہم پہلوؤں، تحریک پاکستان میں ان کے تاریخی کردار اور قیام پاکستان کے لیے دی جانے والی عظیم قربانیوں کو اجاگر کیا اس موقع پر تقریب میں قومی جذبہ، حب الوطنی اور قائداعظم سے عقیدت کا اظہار نمایاں رہا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے طالبات کی بہترین کارکردگی، اعتماد اور تخلیقی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک جدوجہد، عزم، استقلال، اصول پسندی اور مدبرانہ قیادت ہمارے لیے ایک روشن مثال ہے نوجوان نسل بالخصوص طالبات کو چاہیے کہ وہ قائداعظم کے افکار و نظریات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں محنت، نظم و ضبط، دیانت داری اور خود اعتمادی کو اپنائیں انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضمانت ہے اس لیے طالبات اپنی تمام تر توجہ حصول علم پر مرکوز رکھیں اور جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی اقدار کو بھی فروغ دیں تاکہ مستقبل میں ملک و قوم کی ترقی میں اپنا مؤثر کردار ادا کر سکیں اسسٹنٹ کمشنر نے مزید کہا کہ قائداعظم کا دیا گیا سنہری اصول اتحاد ایمان اور تنظیم آج بھی ہماری قومی زندگی کے لیے مشعل راہ ہے ہمیں ان اصولوں کو محض تقریبات اور تقاریر تک محدود رکھنے کے بجائے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ ملک سے محبت قومی یکجہتی، باہمی احترام اور خدمت خلق کے جذبے کو فروغ دیں اور ایک تعلیم یافتہ باصلاحیت اور مضبوط پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں آخر میں طالبات کی جانب سے پیش کیے گئے پروگرام کو سراہا گیا اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ نئی نسل کو قائداعظم کے نظریات جدوجہد اور پاکستان کے قیام کے مقاصد سے روشناس کرانے کے لیے تعلیمی اداروں میں ایسی مثبت اور بامقصد سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔

**بقیہ 26**

ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت اپنی صلاحیتوں، تجربے اور پیشہ ورانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان میں الیکٹرانک میڈیا اور براڈکاسٹنگ کے شعبے کی ترقی کے لیے اپنا کردار مزید مؤثر بنائے گی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پی بی اے کے نومنتخب چیئرمین شکیل مسعود حسین، سینئر وائس چیئرمین میر ابراہیم رحمان اور وائس چیئرمین سلمان اقبال کو مبارکباد پیش کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے سیکرٹری جنرل میاں عامر محمود، جوائنٹ سیکرٹری درید قریشی اور فنانس سیکرٹری احمد اے زبیری کو بھی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن ملک میں الیکٹرانک میڈیا کے فروغ، نشریاتی شعبے کی ترقی اور پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے اہم خدمات انجام دے رہی ہے۔ الیکٹرانک میڈیا عوام تک مستند، بروقت اور قابل اعتماد معلومات پہنچانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے، جو معاشرے میں آگاہی اور شعور اجاگر کرنے میں بھی نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ورانہ اصولوں پر کاربند میڈیا کسی بھی جمہوری معاشرے کے استحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ میڈیا نہ صرف عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہے بلکہ قومی اداروں کی مضبوطی اور جمہوری اقدار کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے توقع ظاہر کی کہ پاکستان براڈکاسٹرز ایسوسی ایشن کی نومنتخب قیادت میڈیا انڈسٹری کو درپیش مسائل کے حل، براڈکاسٹنگ کے شعبے میں بہتری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ نومنتخب عہدیداران اپنے تجربے اور صلاحیتوں کی بدولت پاکستان کے نشریاتی شعبے کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔ آخر میں سردار ایاز صادق نے پی بی اے کے تمام نومنتخب عہدیداران اور ڈائریکٹرز کے لیے کامیابی، استقامت اور نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے ان کی آئندہ ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے دعا کی۔

**بقیہ 27**

نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ ہماری سرزمین کی قبائلی و قومی مرکزیت رکھنے والے قومی نظم کو نوآبادیاتی نظام کے ذریعے برباد کیا جا رہا ہے جس کے تحت قومی وطن میں بدترین افراتفری ہے، سیاسی جماعتیں سیاسی کردار ادا کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں کیونکہ یہ سیاسی جماعتوں کی بجائے خانقاہوں میں تبدیل ہو گئی ہیں، سیاسی جماعتوں میں سیاسی عمل اور سیاسی کارکنوں کے سیاسی قتل عام کے نتیجے میں پارٹیوں میں سیاسی کارکنوں کی جگہ عقیدت مندوں اور مریدین کے گروہوں نے لے کر قومی امور پر اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں، پچھلے ادوار کی تاریخ میں سیاسی اور قومی سودا لگایا جاتا ہے اب ڈھٹائی کیساتھ دن کی روشنی میں لگایا جا رہا ہے، کچھ لوگ سیاسی کارکنوں کے لبادے میں صرف اس انتظار میں ہیں کہ ان کی قیادت سیاسی اور قومی حقوق کا سودا کرے


# اپیل

جناب آصف علی زرداری صاحب، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان

جناب شہباز شریف صاحب، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

جناب سید عاصم منیر صاحب، فیلڈ مارشل، چیف آف ڈیفنس فورسز پاکستان

جناب محسن نقوی صاحب، وفاقی وزیر داخلہ پاکستان

جناب عطاء اللہ تارڑ صاحب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات پاکستان

جناب سہیل اشرف صاحب چیئرمین، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی / چیف کمشنر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد

انتہائی ادب واحترام سے اپیل ہے کہ آج سے کم وبیش 42 سال قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بین الاقوامی اخبارات، میگزین وجرائد کی ایوان صدر، قومی اسمبلی، سینیٹ، وزرا کے دفاتر کے ساتھ بین الاقوامی ایمبیسیوں، سرکاری وغیرسرکاری دفاتر اور قارئین کرام کے گھروں پر علی الصبح ترسیل کے لئے سی ڈی اے کے جانب سے اخبار مارکیٹ بنائی گئی تھی جس میں اخبار کی صنعت کا مزدور رات کے پچھلے پہر قومی وبین الاقوامی اخبارات وجرائد کی ترسیل کے لئے اپنی خدمات پیش کرتا تھا اور اخبار مارکیٹ کے لئے طے شدہ لوازمات میں سے ابھی تک کوئی بقایا جات نہیں۔ اس دوران اخبار مارکیٹ کے بیرونی حصہ میں خالی جگہ کا بھی سی ڈی اے نے اخبار مارکیٹ کو ایک لیز جاری کی جس کا کرایہ سی ڈی اے نے کمرشل ریٹس پر وصول کرنے کا کہا جس پر اخبار فروش یونین نے سی ڈی اے سے کہا کہ اسکا کرایہ اخبار مارکیٹ بلڈنگ کے ریٹس کے مطابق طے کریں ہم کرایہ دینے کو تیار ہیں لیکن سی ڈی اے نے کوئی جواب نہیں دیا جس کے بعد اخبار فروش یونین نے یہ پلاٹ سی ڈی اے کے سپرد کر دیا بعد ازاں کافی عرصہ گزرنے کے بعد سی ڈی اے نے اس خالی پلاٹ کی مد میں لاکھوں روپے کے کرایہ کا نوٹس بھیج دیا اور اس کی عدم ادائیگی کا بہانہ بنا کر اخبار مارکیٹ کو سیل کر دیا ہے۔

اب تین سو اخبار فروش رات کے پچھلے پہر کھلے آسمان تلے سڑک پر شدید سردی، بارش طوفان میں اخبار لینے پر مجبور ہیں اور ان اخبارات وجرائد کو ایوان صدر، ایوان وزیراعظم، وزراء کے دفاتر، بین الاقوامی ایمبیسیوں، سرکاری وغیر سرکاری دفاتر اور قارئین کرام کے گھروں تک پہنچانے کا اپنا فرض نبھا رہے ہیں جبکہ ان غریب اخبار فروشوں کی روزی کا ذریعہ اخبار مارکیٹ کو جبراً بند کر دیا گیا ہے۔

ہماری تمام قابل صد عزت وتکریم صاحبان اقتدار سے اپیل ہے کہ ہمارا حق "اخبار مارکیٹ" ہمیں واپس دیا جائے ہم سی ڈی اے کی جانب سے لگائے گئے متنازعہ واجبات کی ادائیگی کے لئے بھی تیار ہیں۔

ہمیں ایمان کی حد تک یقین ہے کہ معزز ومحترم صاحبان اقتدار اخبار مارکیٹ کو ہمارے سپرد کر کے سی ڈی اے کی جانب سے کی گئی زیادتی کا ازالہ ضرور کریں گے۔

العارض

چوہدری محمد شریف
صدر اخبار فروش یونین اسلام آباد
فون: 0345-5400439

ٹکا خان
سیکریٹری جنرل آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن
فون نمبر: 0300-8500302

**بقیہ 01**

امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ، سید عبدالواحد آغا اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے خلاف غیر اخلاقی سازشوں کے پیچھے ذہنیت قابل شرم ہے۔ قائد کی حفاظت کے لیے جانوں کی قربانیوں سے گریز نہیں کریں گے۔ ان سے بڑھ کر کوئی محب وطن نہیں ہو سکتا

**بقیہ 02**

ہے۔ راولپنڈی سلمان صفدر نے عدالت میں کہا تھا بانی سے ملاقات تک میں دلائل نہیں دوں گا، بانی سے ملاقات نظام کی ضرورت تھی یہ ہم پر احسان نہیں، ملاقات میں قانونی پہلو کے ساتھ بانی اور بشریٰ بی بی کی صحت پر بات ہوئی، اس ملاقات کے بعد جو بھی قانونی راستہ ہوگا وہ اختیار کریں گے سلمان صفدر نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی جیل میں ہائی اسپرٹ میں تھے، سلمان صفدر نے بتایا بانی کا باڈی لینگویج اور جذبہ قابل دید تھا، سلمان صفدر نے بتایا کہ بانی کسی طور پر پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں وہ اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں، یہ قانونی نوعیت کی ملاقات بانی کے ساتھ ہوئی ہے، ملاقات میں قانونی، صحت اور باقی معاملات بھی زیر بحث آئے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اس ملاقات سے کسی بریک تھرو کا کوئی امکان نہیں، جب تک سیاسی نوعیت کی ملاقات نہیں ہوگی معاملات آگے نہیں بڑھیں گے، ہم صرف جس ملاقات کی بات کر رہے ہیں وہ سیاسی نوعیت کی ملاقات ہے، جب تک سیاسی نوعیت کی ملاقات نہیں ہوگی معاملات آگے نہیں بڑھیں گے، مجھے پارٹی میں فارورڈ بلاک کے امکانات نظر نہیں آ رہے، لیکن کسی امکان کو خارج بھی نہیں کیا جا سکتا، اگر پارٹی کے اندر کسی کے ذہن یا دل میں کھوٹ ہے تو سامنے آ جائے گا، بانی پی ٹی آئی کے موقف سے جو بھی پیچھے جائے گا اس کی سیاست ختم ہو جائے گی۔ ایک اور سوال پر سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بیرون ملک کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا پارٹی پالیسی سے کوئی تعلق نہیں ہے، ہمارا جو آفیشل ترجمان ہے یا ان کی ٹیم ہے وہی پارٹی پالیسی پر بیان جاری کرتے ہیں، میں باہر کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بات نہیں کر رہا لیکن وہ ہمارے تابع نہیں ہیں، ہمیں سلمان صفدر کی ملاقات سے کوئی امید نہیں ہے ارادے بھی اچھے نظر نہیں آ رہے، ملاقات سے پہلے سلمان صفدر نے مجھے آگاہ کیا تھا۔ ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم مولانا فضل الرحمان کو سمجھا نہیں کہہ رہے، ہم یہ کہتے ہیں جبر کے نظام میں جو ہمارے ساتھ چلتا ہے ہم ان کو کیوں دھتکاریں؟ ہم نہ کسی پر انحصار کرتے ہیں نہ کسی کے مرہون منت ہیں، مولانا کی اپنی سیاست ہے ان کے پاس اسٹریٹ پاور بھی ہے، ہمارا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ بانی کے پی میں حکومت ختم ہونے اور باقی سیاسی معاملات سے واقف ہے، بانی کو تواتر سے اخبارات نہیں مل رہے ٹی وی بھی نہیں لیکن بشریٰ کو اخبارات اور ٹی وی ٹی ایکس ہے، بانی پی ٹی آئی نے کسی سیاسی معاملات اور کے پی میں حکومت گرنے پر مایوسی کا اظہار نہیں کیا، ہمارا مولانا فضل الرحمان کے ساتھ باضابطہ اتحاد نہیں ہے لیکن تحفظ آئین پاکستان کے تحت سیاسی جماعتیں اکٹھی چل رہی ہیں، ہمیں ایسی کوئی وزارت اعلیٰ قابل قبول نہیں جس کے لیے ہمیں اپنے اصولوں سے پیچھے ہٹنا پڑے، حکومت کے ساتھ مذاکرات ایک ڈھکوسلہ تھا انھوں نے تمام تیاریاں پہلے کر رکھی تھیں، ہماری وجہ سے مذاکرات ناکام نہیں ہوئے، ہم حکومت کو دہشتگردی کے خلاف ملٹری آپریشنز کا بلینک چیک نہیں دے سکتے تھے، ہم ہرگز یہ اجازت نہیں دے سکتے کہ ڈرون مارو اور لاکھوں لوگوں کو بے گھر کریں، اس ملک میں ہزاروں لوگ گمشدہ ہیں، خیبر ضلع میں ہزاروں لوگ بے گھر ہیں، لاکھوں لوگ خیمہ بستیوں میں جی رہے ہیں، کے پی میں مساجد، شادیوں اور مدرسوں پر ڈرون مارے گئے، یہ موضوع قابل بحث ہے کہ ملٹری آپریشنز کے دوران دہشتگردوں کے ڈرون بھی گرے ہیں، مذاکرات میں ہم نے تجویز دی تھی کہ 72 گھنٹوں میں سیاسی عمائدین اور سیاسی جماعتوں کا اجلاس بلاتے ہیں، اس میں طے کر لیتے ہیں کہ دہشتگردی سے کیسے نمٹنا ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان میں یہ نہیں لکھا کہ ڈرون چلیں گے اور لوگ بے گھر ہوں گے، جس مذاکراتی اجلاس کی تجویز ہم نے دی تھی گورنر راج لگانے کے بعد وہی اجلاس انہوں نے خود بلایا، ہم نے دہشتگردی کا مقابلہ کرنا ہے لیکن بے گناہوں کو بے گھر نہیں کرنا، بے گناہوں کو نہیں مارنا، حکومت سے بات چیت کسی بھی وقت ہو سکتی ہے لیکن کل کی ملاقات ان کی اپنی ضرورت تھی، ہم اصول کی سطح پر ہمیشہ بات کرنے کو تیار ہیں۔

**بقیہ 03**

آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا گمشدہ پارسل فوری طور واپس کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو اُنکا گمشدہ پارسل واپس کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

**بقیہ 04**

کے براہ راست مشاہدے اور ان کی سائنسی بنیادوں پر تشخیص کا موقع فراہم کرنا تھا۔ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ارشاد معیار اور کورس انسٹرکٹر ممتاز کریم کی نگرانی میں طلبہ نے بیکٹیریائی اور وائرل انفیکشنز سے متاثرہ فصلوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ طلبہ نے نصابی علم کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف بیماریوں کی علامات کی نشاندہی کی بلکہ لیبارٹری تحقیق کے لیے متاثرہ شاخوں، مٹی اور جڑوں کے سائنسی نمونے بھی جمع کیے۔ ان نمونوں کے لیبارٹری ٹیسٹ مکمل ہونے کے بعد تحقیق کے حتمی نتائج سے مقامی کاشتکاروں کو آگاہ کیا جائے گا، تاکہ وہ اپنی فصلوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھ کر بہتر پیداوار حاصل کر سکیں۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے طلبہ کو معیاری علمی و عملی تجربات کے مواقع فراہم کرنے پر شعبہ ایگریکلچر اینڈ ہیلتھ سائنسز کی کاوشوں کو سراہا۔ اپنے پیغام میں وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ جامعہ تربت چاہتی ہے کہ طلبہ جو کچھ کلاس روم میں سیکھیں، اسے عملی میدان میں بھی آزمائیں، تاکہ علاقے کے مسائل، خصوصاً زراعت سے متعلق مشکلات کا سائنسی حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کو فیلڈ ریسرچ سے جوڑنا اور مقامی کمیونٹی کو مختلف مسائل کا سائنسی حل فراہم کرنا جامعہ تربت کے اسٹریٹجک پلان 2026-2030 کے بنیادی اہداف میں شامل ہے۔ دورے کے اختتام پر ڈاکٹر ارشاد معیار نے طلبہ کی عملی تربیت کے لیے سہولیات اور تعاون

فراہم کرنے پر فارم کے مالک پروفیسر خلیل بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

**بقیہ 05**

اتھارٹی (NHA) کے زیر انتظام قومی شاہراہوں، اہم روڈ نیٹ ورک، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش سفری مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں حلقہ NA-252 خصوصاً لورالائی، موسیٰ خیل، بارکھان اور ژوب سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں قومی شاہراہوں کی موجودہ صورتحال، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں، مرمت و بحالی کے کام، جاری اور زیر التوا منصوبوں اور عوام کو درپیش سفری مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہیں نہ صرف مختلف اضلاع اور شہروں کو آپس میں ملانے کا اہم ذریعہ ہیں بلکہ صوبے کی معاشی، تجارتی اور سماجی سرگرمیوں میں بھی بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں شاہراہوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو محفوظ، آرام دہ اور بہتر سفری سہولیات میسر آ سکیں انہوں نے این ایچ اے کے جاری اور زیر التوا ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، کام کے معیار، شفافیت اور سرکاری فنڈز کے مؤثر و درست استعمال کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے نہ صرف عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ قومی وسائل پر بھی اضافی بوجھ پڑتا ہے، اس لیے منصوبوں کی نگرانی اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ سردار محمد یعقوب خان ناصر نے اجلاس کے شرکاء کو روڈ نیٹ ورک، سڑکوں کی مرمت و بحالی، ٹریفک کی روانی، مسافروں کے تحفظ اور مختلف شاہراہوں پر درپیش دیگر مسائل سے بھی آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ عوامی مشکلات کے فوری ازالے کے لیے این ایچ اے متعلقہ منصوبوں پر عملی پیش رفت تیز کریں انہوں نے خاص طور پر بلوچستان کے قومی شاہراہوں کے نیٹ ورک کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، سڑکوں کی حالت بہتر بنانے، حادثات کے خطرات کم کرنے اور مسافروں کو محفوظ سفری ماحول فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں بہتر شاہراہوں کا نظام نہ صرف عوام کی سفری مشکلات کم کرنے میں معاون ثابت ہوگا بلکہ زرعی، تجارتی سرگرمیوں، کاروباری روابط، روزگار کے مواقع اور مقامی معیشت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گا سردار محمد یعقوب خان ناصر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی نمائندگی کے پلیٹ فارم پر بلوچستان خصوصاً حلقہ NA-252 کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جاتا رہے گا اور قومی شاہراہوں سمیت بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطہ رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ عوامی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچائے جائیں۔ اجلاس کا بنیادی مقصد ملک بھر میں بالخصوص بلوچستان میں عوام کی سفری سہولیات کو بہتر بنانا، شاہراہوں کے معیار کو بلند کرنا اور این ایچ اے کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کو مزید تیز اور مؤثر بنانا تھا۔

**بقیہ 06**

شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اتحادی جماعتوں کو نمائندگی دینے کے لیے مسلم لیگ ن تناسب سے ملنے والے اپنے حصہ میں کمی کرے گی، حکومتی اتحادیوں کی کمیٹی میں شمولیت سے قومی اسمبلی سے مسلم لیگ ن کی نمائندگی نو سے کم ہو جائے گی

**بقیہ 07**

مناظر، جنگلی حیات، ساحلی سیاحت، تاریخی مقامات، مقامی ثقافت، روایتی کھانوں، دستکاری، سیاحتی مقامات اور مقامی طرز زندگی پر مبنی ویڈیوز تیار کر سکیں گے اس مقابلے میں شوقیہ ویڈیو و ویڈیو گرافرز، ولاگرز، کانٹینٹ کریئیٹرز اور طلبہ شرکت کے اہل ہوں گے، تاہم محکمہ سیاحت بلوچستان کے سابقہ ویڈیوگرافی مقابلوں کے فاتحین اہل نہیں ہوں گے ویڈیو کا دورانیہ 5 سے 10 منٹ، فارمیٹ MP4 یا MOV اور کم از کم ریزولوشن 1080p ہونا ضروری ہے، جبکہ 4K کو ترجیح دی جائے گی۔ ویڈیو مکمل طور پر اصل اور واٹر مارک، لوگو یا شناختی تحریر سے پاک ہونی چاہیے شرکاء کو اپنی ویڈیوز گوگل ڈرائیو یا ڈراپ باکس پر اپ لوڈ کر کے آن لائن رجسٹریشن فارم میں قابل رسائی لنک فراہم کریں۔ مقابلے میں شرکت کی آخری تاریخ 14 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ موصولہ ویڈیوز کا جائزہ آزاد جیوری بورڈ لے گا، جس میں تکنیکی صلاحیتوں اور کہانی بیان کرنے کے انداز کو 30 فیصد نمبر دیے جائیں گے محکمہ سیاحت نے بلوچستان کے نوجوانوں، ویڈیو گرافرز اور ڈیجیٹل کانٹینٹ کریئیٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مقابلے میں بھرپور حصہ لے کر بلوچستان کے ساحلی حسن، ثقافتی شناخت اور سیاحتی امکانات کو دنیا کے سامنے اجاگر کریں۔

**بقیہ 08**

لر سسٹم، 50 ہزار گیلن گنجائش کا واٹر ٹینک، حفاظتی دیوار اور پائپ لائن کی تنصیب شامل ہے۔ جدید سولر سسٹم اور متبادل بجلی کی سہولت سے پمپنگ اسٹیشن کی فعالیت اور پانی کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی حکومت کے ترقیاتی وژن کے مطابق عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ بنیادی سہولیات لوگوں کی دہلیز تک پہنچائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈگارو پمپنگ اسٹیشن کی تکمیل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس سے مقامی آبادی اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی

**بقیہ 09**

اپنا حق رائے دہی استعمال کر چکے ہیں، جبکہ ووٹنگ کا عمل مختلف ریاستوں میں جاری ہے۔ امریکا میں وسط مدتی انتخابات (آج) 3 نومبر کو ہو رہے ہیں، جن میں ایوان نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر مقابلہ ہوگا، ان انتخابات کے نتائج امریکی کانگریس میں ریپبلکن اور ڈیموکریٹک جماعتوں کی پارلیمانی پوزیشن کا فیصلہ کریں گے، متعدد ریاستوں میں گورنرز کے انتخاب کے لیے بھی ووٹنگ ہوگی، یہ انتخابات صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی باقی ماندہ مدت صدارت کے دوران حکومتی پالیسیوں اور سیاسی حکمت عملی پر بھی اثر انداز ہوں گے۔ امریکی میڈیا این بی سی کے مطابق قبل از وقت ووٹنگ میں تقریباً 2 کروڑ 90 لاکھ افراد نے پولنگ اسٹیشنز پر جا کر ذاتی طور پر ووٹ کاسٹ کیا، جبکہ 2 کروڑ 30 لاکھ سے زائد شہریوں نے ڈاک کے ذریعے اپنے ووٹ بھیجے۔ اعداد و شمار کے مطابق ریاست ٹیکساس میں 70 لاکھ سے زائد ووٹ ڈالے جا چکے ہیں، اسی طرح نارتھ کیرولائنا میں بھی قبل از وقت ووٹنگ کے دوران ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد سابقہ ریکارڈ سے تجاوز کر گئی ہے، ریاست میں ڈیموکریٹک پارٹی کے 10 لاکھ سے زائد جبکہ ریپبلکن پارٹی کے تقریباً 6 لاکھ 79 ہزار رجسٹرڈ ووٹرز ووٹ ڈال چکے ہیں۔ یکم نومبر تک مجموعی طور پر 5 کروڑ 31 لاکھ 40 ہزار سے زائد ووٹ ڈالے جا چکے ہیں، یہ تعداد 2022 کے وسط مدتی انتخابات میں الیکشن ڈے سے قبل ڈالے گئے تقریباً 4 کروڑ 60 لاکھ ووٹوں سے کہیں زیادہ ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق قبل از وقت ووٹنگ میں اضافے کو انتخابی عمل میں شہریوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

**بقیہ 10**

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سے ملاقات کے دوران کیا، جس میں زرعی برآمدات کے فروغ، نجی شعبے کے اشتراک، زرعی شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانے اور برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے لاہور چیمبر آف کامرس میں زراعت سے متعلق خصوصی کمیٹی قائم کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کمیٹی کے ذریعے چاول، لائیوسٹاک اور دیگر برآمدی اجناس کی پیداوار، معیار اور عالمی منڈیوں میں رسائی بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تل، ارنڈی کے تیل اور کھجور کی برآمدات بڑھانے کے امکانات سے بھی بھرپور استفادہ کیا جائے گا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی زرعی برآمدات میں اضافے کے لیے روایتی طریقوں سے آگے بڑھنا ہوگا۔ خام زرعی اجناس برآمد کرنے کے بجائے پراسیسنگ، پیکجنگ اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے مصنوعات کی قدر بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ عالمی منڈیوں میں پاکستانی مصنوعات کو بہتر مقام حاصل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ منہ کھر کی بیماری گوشت کی برآمدات میں ایک بڑی رکاوٹ ہے، اس مسئلے کے حل کے لیے بیماری سے پاک زونز کا قیام اور جانوروں کی مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ عالمی منڈیوں تک گوشت کی رسائی بڑھانے کے لیے بین الاقوامی معیار کے مطابق ویکسینیشن، جانوروں کی شناخت اور سراغ رسانی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کپاس کی بحالی کو بھی اہم ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس مقصد کے لیے بہتر بیجوں کی فراہمی اور بین الاقوامی جینیاتی ٹیکنالوجی تک رسائی ضروری ہے۔ کپاس کی پیداوار میں بہتری سے نہ صرف زرعی شعبے کو فائدہ ہوگا بلکہ ملکی برآمدات میں اضافے کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کھاد کی دستیابی کے حوالے سے کہا کہ کسانوں کو کھاد کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی گئی ہے اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے تاکہ زرعی پیداوار متاثر نہ ہو۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو زرعی ویلیو چین میں شامل کرنے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور زرعی برآمدات کو وسعت ملے گی۔ نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور کاروباری اداروں کی شمولیت زرعی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ زرعی برآمدات کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور نجی شعبے کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور لاہور چیمبر آف کامرس مشترکہ اقدامات کریں گے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کاروباری برادری کے ساتھ رابطے مضبوط بنا کر زرعی شعبے کی برآمدی صلاحیت بڑھانے کے لیے تعاون جاری رکھے گی

**بقیہ 11**

کہا کہ کسی بھی معاہدے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایران کے مطالبات کی منظوری ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کو وسط مدتی انتخابات کے بعد امریکا کی جانب سے کسی نئی صورتحال کی توقع نہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق امریکا کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ جاری ہے، جبکہ نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی اس عمل میں سہولت کاری کے لیے دوحہ میں موجود تھے۔ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اسرائیلی حکام کے خلاف اپنے قانونی ضابطوں کے مطابق کارروائی کرنے پر عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کو امریکا کی جانب سے شدید دباؤ کا سامنا ہے۔ انہوں نے امریکا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 2 برس کے دوران امریکا نے نا صرف کوئی سفارتی اقدام پیش کرنے میں ناکامی دکھائی بلکہ سفارتی عمل کو فعال طور پر نقصان بھی پہنچایا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے اسرائیل کو مغربی ایشیاء میں عدم تحفظ کی بنیادی وجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل نے غزہ اور لبنان میں اپنے مظالم میں مزید شدت پیدا کر دی ہے، سرد موسم کی آمد کے پیش نظر بے گھر افراد تک زندگی کی بنیادی ضروریات کی اشیاء کی رسائی میں رکاوٹوں نے ان کی صورت حال کو تباہ کن حد تک پہنچا دیا ہے۔ اسماعیل بقائی کے مطابق عالمی برادری اور یورپی ممالک غزہ کی صورت حال کے حوالے سے بے حسی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ انسانی زندگیوں کو محض اعداد و شمار تک محدود کر دینا اور مظالم کو معمول کی بات سمجھنا ایک انتہائی خطرناک رجحان ہے، جو انسانی ضمیر کے لیے سنگین خطرہ بن چکا ہے۔

**بقیہ 12**

جاری کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ قطر اور عمان کے مثبت کردار کو سراہتے ہیں جبکہ سعودی عرب کے ساتھ بھی بات چیت جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کا مقصد خطے میں نئے سکیورٹی انتظامات تشکیل دینا ہے، جنہیں خطے کے ممالک خود طے کریں اور ان میں کسی غیر ملکی فوجی موجودگی کا کردار نہ ہو۔

**بقیہ 13**

، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی نے کہا کہ آزاد صحافت، آزاد عدلیہ اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہی ایک مستحکم، باوقار اور جمہوری پاکستان کی ضمانت ہیں۔ جس ملک میں عدلیہ کا نظام دباؤ کا شکار ہو اور صحافت کی زبان بندی کی جا رہی ہو، وہاں نہ تو جمہوریت پائیدار ہو سکتی ہے اور نہ ہی ریاست بین الاقوامی سطح پر باوقار مقام حاصل کر سکتی ہے

**بقیہ 14**

قریب چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی اپنی جماعت اور سیاست ہے، میں نے ان کی اسمبلی میں تقریر پر انہیں کہا تھا کہ بعض الفاظ نہ بولتے تو مناسب تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر کہتا ہوں کہ سیاسی کشیدگی کو نہیں بڑھنا چاہیے، حکومتی نمائندوں نے بھی اس پر جس طریقے سے جواب دیا وہ بھی نامناسب ہے، اگر ملک قوم اور جمہوریت کے لیے کچھ کرنا ہے تو تو کام کرنا ہوگا۔ بیرسٹر سلمان صفدر کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات پر چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ 8 اپریل کے بعد اور 380 دن گزرنے کے بعد یہ سلمان صفدر کی پہلی ملاقات ہوئی جو خوش آئند ہے، ملاقاتیں بند ہونے کی وجہ سے اتنا بڑا تناؤ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی قیدی کو 15 دن میں اس کی فیملی سے نہ ملوایا جائے تو یہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، ملاقاتیں ہوتی تو بہتری آتی اور یہ تناؤ نہ ہوتا اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کی نوبت بھی نہ آتی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ملاقات کے لیے میرے نام کے فائل ہونے کی تردید کر چکا ہوں، میں نے ہمیشہ کوشش کی کہ سیاسی لوگوں کی ملاقات ہو، میں نے اپنے سمیت علامہ ناصر عباس کے نام کی بھی کوشش کی جبکہ سیاسی ملاقات نہ ہونے پر سلمان صفدر کی ملاقات کی کوشش کی جو ہو گئی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی اور اسپیکر کی بازیابی کا کیس آج پشاور ہائیکورٹ میں سماعت تھی، جس کو لارجر بنچ بھیجا ہے اور امید ہے کہ اس درخواست پر جلد سماعت ہوگی، وزیر اعلیٰ کے پی اور اسپیکر کا لاپتہ ہو جانا سمجھ سے باہر ہے۔

**بقیہ 15**

جانب سے تحریر کردہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ فوجداری مقدمے میں بریت محکمانہ کارروائی سے بریت کیلئے کافی نہیں ہے، سرکاری ملازم کی نجی زندگی کا کردار بھی محکمانہ احتساب کے دائرے میں آ سکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ گھر کی چار دیواری میں خواتین پر تشدد کو نجی معاملہ قرار نہیں دیا جا سکتا، خواتین کی عزت و وقار کا تحفظ آئینی ذمہ داری ہے۔ ماں، بیٹی، بہن یا بیوی کی صورت میں رشتہ قابل احترام ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ بیوی پر تشدد اور آگ لگانے کے الزام میں آئی بی ملازم کی محکمانہ سزا برقرار رہے گی، سرکاری ملازم کا کردار صرف دفتری فرائض تک محدود نہیں بلکہ نجی زندگی بھی اہم ہے۔ محکمانہ انکوائری میں 13 گواہوں کے بیانات قلمبند کیے گئے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ خواتین پر تشدد کرنے والا سرکاری ملازم عوامی اعتماد اور ادارے کی ساکھ متاثر کرتا ہے، ملزم نے 2022 میں بیوی پر تشدد کرتے ہوئے آگ لگائی اور جان سے مارنے کی کوشش کی۔ دفتر سے باہر کیا گیا جرم بھی سرکاری نوکری پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

**بقیہ 16**

شاہد زبیر ہوت سے ملاقات کی۔ اس موقع پر زبیر ہوت نے انہیں ضلع گوادر کی مختلف یونین کونسلوں میں پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی سرگرمیوں، کمیونٹی ڈویلپمنٹ منصوبوں اور مجوزہ اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ضلع کونسل چیئرمین نے بی آر ایس پی کے پروگرام کی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی سطح پر ان اقدامات کی مؤثر تکمیل، عوامی شمولیت اور مقامی کمیونیٹیز کے تعاون کے لیے ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد کے عمل میں مقامی آبادی، کمیونٹی نمائندگان اور متعلقہ علاقوں کے مستفید ہونے والے افراد کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ عوام کی حقیقی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ ضلع گوادر کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں بی آر ایس پی رائز پروگرام کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کے ثمرات ضلع کی تمام یونین کونسلز اور مقامی آبادی تک پہنچ سکیں۔

**بقیہ 17**

عبدالظہیر زرکون نے ان کا استقبال کیا۔ مشیر وزیر اعلیٰ سردار غلام رسول عمرانی کے ساتھ ملاقات میں بلوچستان میں نوجوانوں کو جدید فنی تربیت اور بی ٹیوٹا کے ساتھ مل کر روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر تبادلہ خیال ہوا۔ انسٹیٹیوٹ پرنسپل میڈم شبنم ناز نے چیئرمین اور دیگر مہمانوں کو سنٹر کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ بعد میں چیئرمین نیوٹیک نے وہاں زیر تربیت طالبات سے براہ راست گفتگو کی۔

**بقیہ 18**

ول کی برآمدات میں نمایاں پیش رفت کرتے ہوئے ستمبر 2026 کے دوران دنیا کے بڑے چاول برآمد کنندگان میں شامل ویتنام کو پیچھے چھوڑ دیا۔ پاکستان نے ستمبر میں 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول برآمد کیے، جبکہ ویتنام کی چاول برآمدات کا حجم 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی چاول برآمدات میں یہ اضافہ عالمی تجارتی حالات اور خطے میں جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے تناظر میں اہم پیش رفت ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری نقل و حمل کو درپیش مشکلات کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی، جس سے ملکی برآمدات کو تقویت ملی۔ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کی چاول برآمدات کے حجم میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران چاول کی برآمدات سے حاصل ہونے والے زرمبادلہ میں بھی 37 فیصد اضافہ ہوا۔ چاول کی برآمدات میں یہ اضافہ پاکستان کے زرعی شعبے اور برآمدی معیشت کے لیے مثبت پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ خصوصاً باسمتی چاول کی عالمی منڈی میں برقرار طلب پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے نئے تجارتی مواقع کی عکاسی کرتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ستمبر کے دوران پاکستان نے ویتنام کے مقابلے میں 83 ہزار ٹن زیادہ چاول برآمد کیے، جو عالمی چاول مارکیٹ میں پاکستانی برآمدات کی بڑھتی ہوئی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان کی چاول برآمدات میں مسلسل اضافے سے قیمتی زرمبادلہ کے حصول، زرعی شعبے کی ترقی اور عالمی منڈیوں میں پاکستانی مصنوعات کی مسابقت بہتر بنانے کے امکانات روشن ہوئے ہیں۔

**بقیہ 19**

لی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی کاموں کی عدم تکمیل کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وارڈ نمبر ایک کے مکینوں کا الزام ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص سرکاری فنڈز ٹھیکیداروں کی جانب سے وصول کرنے کے باوجود تا حال عملی کام مکمل نہیں کیے گئے، جبکہ اعلیٰ حکام کو بارہا شکایات اور نشاندہی کرنے کے باوجود کوئی مؤثر کارروائی سامنے نہیں آئی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے چیف میونسپل آفیسر، متعلقہ انجینئرز اور دیگر ذمہ دار اہلکاروں کے کردار کی بھی شفاف تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آ سکیں۔ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر وارڈ نمبر ایک کے ترقیاتی منصوبوں پر فوری طور پر کام شروع کر کے انہیں مقررہ معیار کے مطابق مکمل نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جب تک ترقیاتی کام مکمل نہیں کیے جاتے، ان کا احتجاج جاری رہے گا۔ علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وارڈ نمبر ایک کے ترقیاتی فنڈز کے استعمال کا آڈٹ کرایا جائے، مبینہ کرپشن کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

**بقیہ 20**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور انہیں پارلیمانی کمیٹی میں اپنی جماعت کو صرف ایک نشست دینے کے فیصلے پر تحفظات سے آگاہ کیا۔ سید امین الحق کے مطابق ایم کیو ایم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کمیٹی میں ایک کے بجائے دو ارکان کو نمائندگی دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم حکومت کی بڑی اتحادی جماعت ہے اور اسے پارلیمانی کمیٹی میں مناسب نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے 22 ارکان موجود ہیں، اس لیے انتخابی اصلاحات سے متعلق اہم پارلیمانی کمیٹی میں جماعت کے دو ارکان شامل ہونے چاہئیں۔ امین الحق کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اس معاملے پر حکومتی قیادت سے بات کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ایم کیو ایم کو اب حکومت کے جواب کا انتظار ہے اور امید ہے کہ نمائندگی سے متعلق فیصلے پر نظر ثانی کے مطالبے پر مثبت ردعمل سامنے آئے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت آئندہ دو سے تین روز میں اس معاملے پر فیصلہ کر کے ایم کیو ایم کو آگاہ کرے گی۔

**بقیہ 21**

کہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف ہر صورت یقینی بنایا جائے اور مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام متعلقہ افسران اور پولیو ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی، محنت اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین، سرپرستوں، علماء کرام، اساتذہ اور معاشرے کے باشعور افراد سے اپیل کی کہ وہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور عمر بھر کی معذوری کا سبب بننے والا مرض ہے، جس سے بچاؤ اور اس کے خاتمے کا مؤثر ذریعہ صرف پولیو ویکسین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین اور عوام انسداد پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہ جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پولیو مہم کے دوران سیکورٹی پر مامور پولیس افسران اور اہلکاروں کو بھی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے، سیکورٹی انتظامات میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور تمام متعلقہ اہلکار اپنی ڈیوٹیاں انتہائی ذمہ داری اور مستعدی کے ساتھ انجام دیں۔

**بقیہ 22**

کے حل کی حمایت جاری رکھے گا۔ شی جن پنگ کا کہنا ہے کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے تمام فریقوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ چینی صدر کا یہ بھی کہنا ہے کہ چین عرب ممالک کے ساتھ رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنا کر خطے میں جلد امن و سکون کی بحالی کے لیے کام کرنے کو تیار ہے

**بقیہ 23**

کی کی خفیہ اطلاع پر اسپیشل برانچ کی ٹیکنیکل بی ڈی (بم ڈسپوزل) ٹیم نے ہنگامی آپریشن کیا۔ ٹیم نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہائی وے کے تین مختلف مقامات کشاری سکن ویلپٹ میں اسپیشل برانچ کی ٹیکنیکل بی ڈی ٹیم نے بارودی مواد کو بروقت ٹریس کر کے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنایا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ٹیم کے جوانوں کی جرات کو سراہتے ہوئے حسن کارکردگی سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کا کہنا ہے کہ "اسپیشل برانچ کی ٹیکنیکل بم ڈسپوزل ٹیم کے جوانوں نے قلیل وقت میں انتہائی پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ تین آئی ای ڈیز کو ناکارہ بنایا۔ ان کی اس فوری اور کامیاب کارروائی کی بدولت آر سی ڈی شاہراہ پر ملک دشمن عناصر کا ناپاک منصوبہ خاک میں مل گیا۔ ضلعی انتظامیہ اپنے ان جرات مند افسران اور جوانوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔"

**بقیہ 24**

ذمہ داری ایران پر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوست ممالک اب سمجھتے ہیں کہ امریکی اڈے انہیں تحفظ نہیں دے سکتے، امریکی اڈے خود اپنی حفاظت کی صلاحیت بھی نہیں رکھتے، خطے کے ممالک ایران کے خلاف نئی امریکی جنگ کی حمایت نہ کریں۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ دوست ممالک امریکا کو کوئی جنگ سے روکنے میں کردار ادا کریں، جنگ کی حوصلہ افزائی کے بجائے کشیدگی کم کرنے کی کوشش کی جائے، سکیورٹی خدشات کے باعث مجتبیٰ خامنہ ای کی تصاویر جاری نہیں کی جا رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجتبیٰ خامنہ ای بطور سپریم لیڈر تمام معاملات دیکھ رہے ہیں، ریاستی فیصلے مجتبیٰ خامنہ ای کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں، وہ انتہائی متحرک انداز میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ محتاط رہنا ہوگا

**بقیہ 25**

اعزاز حاصل کر لیا۔ اپنی اس شاندار کارکردگی پر گفتگو کرتے ہوئے امین مکاتی نے نیویارک میراتھن ریس کو انتہائی کٹھن تجربہ قرار دیا اور کہا کہ وہ اس سال کے ایونٹ میں 42 اعشاریہ 195 کلومیٹر میراتھن کو تین گھنٹے سے کم وقت میں ریس مکمل کرنے والے واحد پاکستانی رنر ہیں جسے مکمل کرنا میرے اور میرے ملک پاکستان کے لیے ایک نہایت خاص لمحہ ہے۔ امین مکاتی نے کہا کہ وہ دنیا کی چھ بڑی بین الاقوامی میراتھنز مکمل کرنے کے اپنے پرعزم ہدف کی تکمیل کی طرف گامزن ہیں جبکہ میراتھن کیلئے اکیڈمیٹ کے سی ای او آر ڈی رضوان آفتاب احمد کا خصوصی طور پر شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے تمام بین الاقوامی میراتھن کے سفر میں بھرپور تعاون اور حوصلہ افزائی کی۔

**بقیہ 26**

کروڑ سے زائد درخواستیں موصول ہو گئیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ کے ٹکٹوں کے لیے 83 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں، جبکہ ورلڈ کپ فائنل کے لیے بھی تقریباً 79 لاکھ درخواستیں جمع کرائی گئیں۔ آئندہ ورلڈ کپ کی میزبانی جنوبی افریقہ، زمبابوے اور نمیبیا مشترکہ طور پر کریں گے۔ ٹورنامنٹ 2 اکتوبر سے 21 نومبر 2027 تک کھیلا جائے گا۔

**بقیہ 27**

لیے تجویز کیے ہیں۔ انتخابی اصلاحات کے لیے 30 رکنی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کی منظوری قومی اسمبلی سے پہلے ہی حاصل کی جا چکی ہے۔ کمیٹی میں قومی اسمبلی کے 20 جبکہ سینیٹ کے 10 ارکان شامل ہوں گے۔ مختلف سیاسی جماعتوں کو دونوں ایوانوں میں ان کی عددی قوت کے تناسب سے نمائندگی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے قیام کی قرارداد پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی تجویز پر منظور کی گئی تھی۔ پیپلز پارٹی نے شفاف، آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لیے حکومت اور اپوزیشن کو مشترکہ طور پر اصلاحاتی تجاویز مرتب کرنے پر زور دیا ہے۔ اس سلسلے میں پیپلز پارٹی کے وفد نے اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی کیں اور انہیں انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کی دعوت دی تاکہ انتخابی نظام میں بہتری کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے سفارشات تیار کی جا سکیں۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے اسپیکر قومی اسمبلی کی ہدایت پر پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ سے کمیٹی کے لیے نام طلب کیے تھے۔ پیپلز پارٹی کو قومی اسمبلی کی جانب سے پانچ نشستیں ملنے کا امکان ہے، جبکہ سینیٹ میں بھی پارٹی نے اپنی نمائندگی کے لیے تین نام تجویز کر دیے ہیں۔ پارلیمانی کمیٹی انتخابی نظام میں اصلاحات کے حوالے سے مختلف تجاویز اور سفارشات مرتب کرے گی، جنہیں بعد ازاں منظوری کے لیے پارلیمان میں پیش کیا جائے گا۔

**بقیہ 28**

محمد حبیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زرعی آمدنی پر ٹیکس کی وصولی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے بقایا سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات اٹھانے پر بھی زور دیا انہوں نے انتقالات کے عمل میں شفافیت، اراضی ریکارڈ کی درستگی اور زیر التوا معاملات کو مقررہ مدت کے اندر نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو محکمہ مال سے متعلق خدمات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے ڈپٹی کمشنر نے ہر جمعرات کو منعقد ہونے والی ریونیو کچہری کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ عوامی شکایات اور دیرینہ ریونیو مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے تاکہ لوگوں کو فوری ریلیف اور انصاف کی فراہمی ممکن ہو اجلاس میں سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضوں کی روک تھام، سرکاری زمینوں کے تحفظ، اراضی سے متعلق تنازعات کے بروقت حل، محکمہ مال کے فیلڈ اسٹاف کی مؤثر نگرانی اور ریونیو ریکارڈ کی شفافیت کو بھی یقینی بنانے پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ محکمہ مال کے امور میں غفلت، غیر ضروری تاخیر، بدعنوانی اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، شفافیت اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں اور عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونیو نظام کی بہتری، سرکاری محصولات کی بروقت وصولی، سرکاری اراضی کے تحفظ اور عوام کو ریونیو سے متعلق سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

**بقیہ 29**

کارروائیوں اور دہشت گرد نیٹ ورکس پر بڑھتے ہوئے دباؤ کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اکتوبر میں ملک بھر میں دہشت گردی کے 143 واقعات پیش آئے، جبکہ ستمبر میں یہ تعداد 226 تھی۔ اسی طرح دہشت گرد حملوں میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 260 سے کم ہو کر 111 رہ گئی۔ خودکش حملوں میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بہتری اس لیے اہم ہے کہ دونوں صوبے طویل عرصے سے دہشت گردی، مسلح شورش اور سرحد پار سکیورٹی چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ تاہم بلوچستان میں اغوا کے واقعات میں اضافہ بدستور تشویشناک ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ امن و امان کی صورتحال میں بہتری مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بہتر عملی گرفت کا اظہار ہے، لیکن مستقل امن کیلئے انٹیلی جنس تعاون، سرحدی نگرانی، مقامی آبادی کا اعتماد اور ترقیاتی اقدامات ناگزیر ہیں۔ حکومت کو سکیورٹی کامیابیوں کو دیرپا امن میں تبدیل کرنے کیلئے دہشتگردی کے سہولت کاروں اور مالی معاونت کے نیٹ ورکس کیخلاف بھی کارروائیاں جاری رکھنی چاہئیں

**بقیہ 30**

شریف نے چینی مہمان لیو ہائی شینگ اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان آہنی دوستی اور آزمائشوں پر پوری اترنے والی تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری موجود ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور عوام کے درمیان گہرے روابط کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں، جو وقت گزرنے کے ساتھ مزید مستحکم ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی محض سفارتی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ دونوں ممالک کے عوام اور قیادت کے درمیان اعتماد اور باہمی تعاون کا ایک مضبوط رشتہ ہے۔ اس دیرینہ تعلق کو مزید آگے بڑھانے کے لیے سیاسی قیادت کے درمیان مسلسل روابط اور دونوں ملکوں کی سیاسی جماعتوں کے مابین تبادلوں کا سلسلہ جاری رہنا ضروری ہے۔ شہباز شریف نے دو طرفہ تعلقات کے فروغ میں چینی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ دونوں ممالک کی سیاسی قیادت کے درمیان ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کو نئی جہتیں دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان قریبی رابطوں سے پاکستان اور چین کی دوستی کو مزید گہرائی اور استحکام حاصل ہوگا۔ وزیراعظم نے چین کے ساتھ ہر شعبے میں قریبی تعاون جاری رکھنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی روابط، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سمیت متعدد شعبوں میں تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے ان شعبوں میں مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھانے کی خواہش کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے باہمی شراکت داری کو مزید نتیجہ خیز بنانے کی اہمیت اجاگر کی۔ ملاقات کے دوران چینی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے کے وزیر لیو ہائی شینگ نے چینی قیادت کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف کے لیے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ دیرینہ دوستی کو مزید مضبوط اور گہرا بنانے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ لیو ہائی شینگ نے پاکستان اور چین کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط اور سیاسی جماعتوں کے مابین تبادلوں میں ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجود آہنی دوستی کو مزید مستحکم بنانے کے لیے سیاسی اور ادارہ جاتی سطح پر تعاون کا تسلسل اہمیت رکھتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ بدلتی ہوئی علاقائی و بین الاقوامی صورتحال میں پاکستان اور چین کے درمیان قریبی مشاورت اور رابطوں کا جاری رہنا ضروری ہے۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی سطح کے کثیر الجہتی فورمز پر بھی تعاون اور ہم آہنگی برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر وزیراعظم شہباز شریف نے معزز چینی مہمان اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام بھی کیا۔ اس موقع پر پاک چین دوستی، باہمی اعتماد اور مختلف شعبوں میں مشترکہ تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا

**بقیہ 31**

ڈمبلڈور اور بیٹے کا تعارف ننھے ڈوبی کے طور پر کروایا، انہوں نے ہالووین کی مبارک باد دیتے ہوئے لوگوں کو محفوظ رہنے اور خوب مٹھائیاں کھانے کا پیغام بھی دیا۔ جے ڈی وینس نے اپنے اہل خانہ کی ایک تصویر بھی شیئر کی جس میں ان کے بچے بھی ہیری پوٹر کے کرداروں کے لباس میں نظر آئے۔ ایک بچے نے ہیری پوٹر جبکہ دوسرے نے مکڑی کا لباس پہن رکھا تھا۔ جے ڈی وینس کے مطابق ان کے بچوں کو ہیری پوٹر کی کہانیوں سے خاص لگاؤ ہے، اسی لیے خاندان نے اس بار ہالووین کے لیے ان ملبوسات کا انتخاب کیا ہے۔

**بقیہ 32**

زیرو پوائنٹ حادثے کی وجوہات اور آئندہ اس طرز کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے میکانزم بنانے کا فیصلہ۔ کیا گیا ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائی وے اور موٹروے پولیس حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ زیرو پوائنٹ حادثے کے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں 39 ریسکیو مراکز ہیں جن میں پانچ ریسکیو مراکز ضلع لسبیلہ اور حب میں ہیں رواں ماہ اکتوبر تک 204 مسافروں کو ٹریفک حادثات میں ریسکیو فرسٹ ایڈ دیکر موقع پر قیمتی جانیں بچائی گئیں اجلاس کے شرکاء کہتے آر سی ڈی ہائیوے پر پی ٹی کنٹریکٹرز کی جانب سے مشینری ہائیوے پر غلط پارکنگ ڈرائیوروں کی اوور ٹیکنگ حادثات کی بنیادی وجوہات قرار دی گئی اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ ایف ڈبلیو او موٹروے اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جوائنٹ میٹنگ جلد کال کی جائیگی اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے انٹری مقامات سے مسافروں کی اوور لوڈنگ کی روک تھام کی جائیگی اس سلسلے میں فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کیساتھ میٹنگ منعقد کی جائیگی اور انہیں پابند کیا جائیگا کہ وہ اپنی گاڑیوں کے ہیوی سرچ لائٹس فوری طور پر ہٹادیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ شہریوں کے لئے محفوظ سفر یقینی بنانے اور انکے جان کی سلامتی انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے اگر کوئی ٹرانسپورٹر آر ٹی اے ایکٹ کی خلاف ورزی کریگا تو اسکے خلاف کاروائی ہوگی کمشنر لسبیلہ نے آر سی ڈی ہائیوے پر موٹر سائیکلوں کے ذریعے پیٹرول کی ترسیل پر فوری پابندی اور کریک ڈاؤن کے احکامات جاری کئے

**بقیہ 33**

وفد میں سینیٹر ناصر محمود، سینیٹر دوست علی جیسر اور سینیٹر ندیم احمد بھٹو شامل تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، ملکی و علاقائی صورتحال اور آزاد جموں و کشمیر سے متعلق مختلف اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مسئلہ کشمیر کی موجودہ صورتحال، مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا کہ مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا کا ایک بنیادی اور دیرینہ تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، عالمی برادری کو مقبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے۔ صدر آزاد جموں و کشمیر نے اس امر پر زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے لیے پارلیمانی سفارت کاری اور قومی اداروں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سفیران مسئلہ کشمیر کو قومی پالیسی اور پارلیمانی فورمز پر اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ آزاد کشمیر سے متعلق اہم معاملات پر بھی اپنا مؤثر کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل خطے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ اس موقع پر مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور آزاد جموں و کشمیر سے متعلق اہم معاملات پر باہمی رابطے اور تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔

**بقیہ 34**

فرادی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید اور 1 زخمی ہو گیا۔ لاشوں اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے مسلح افراد کی گرفتاری کے لیے علاقے کی ناکہ بندی کر دی ہے۔

**بقیہ 35**

ٹوٹ گئی 20 سال قبل بیت المال کے ذریعے آپریشن کروایا لیکن آپریشن خراب ہونے کے باعث شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور ڈاکٹروں نے کراچی میں علاج کرانے کا مشورہ دیا ہے میرے پاس مالی وسائل نہ ہونے کے باعث علاج سے قاصر ہوں وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کرتا ہوں کہ علاج معالجے کیلئے مدد کی جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گاڑی حادثہ کے دوران پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی اور جس کا بیت المال کے ذریعے آپریشن کروایا 20 سال گزرنے کے بعد آپریشن خراب ہونے اور متاثرہ جگہ میں پیپ جم جانے کے باعث چلنے پھرنے میں مشکلات درپیش آ رہی ہے بلوچستان کے ڈاکٹروں نے مجھے کراچی میں علاج کا مشورہ دیا ہے۔ معاشی حالات بہتر نہ ہونے کے باعث علاج کرانے سے قاصر ہوں۔ اس حوالے سے حلقہ منتخب نمائندوں سے ملاقاتیں کر کے اپنا مسئلہ ان تک پہنچایا لیکن وہ اب ملتے نہیں ہیں میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر

**بقیہ 36**

جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر اہلکاروں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ محسن نقوی نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکار کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار ہمارے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اہم ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر تعینات اہلکاروں کو نشانہ بنانا ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فائرنگ میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں۔ ایسے واقعات کی ہر سطح پر مذمت کی جانی چاہیے اور انسداد پولیو مہم سے وابستہ اہلکاروں کی حفاظت کو یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔

**بقیہ 37**

شیری بالونک کی رہائشی مسمات نذیرہ زوجہ/دختر مقامی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار میں شکایت درج کروائی تھی کہ وہ بی آئی ایس پی کی مستحق بینفشری ہیں، تاہم طویل عرصے سے انہیں ان کا طے شدہ مالی وظیفہ ادا نہیں کیا جا رہا اور متعلقہ دفتر کے بار بار چکر لگانے کے باوجود ان کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا۔ شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حکام کو طلب کیا اور سائلہ کے کیس کو ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کرنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ محتسب کی قانونی مداخلت اور مسلسل تعاقبی کارروائی کے نتیجے میں بی آئی ایس پی انتظامیہ نے درپیش تمام ریکارڈ اور تکنیکی رکاوٹوں کا از سر نو جائزہ لیا اور سائلہ کو 14,500 روپے کا بلاک شدہ وظیفہ جاری کر دیا۔ مستحق خاتون کو رقم کی فراہمی کے بعد انہوں نے اپنے تمام تر واجبات اور وظیفہ موصول ہونے کی باقاعدہ تصدیق کی اور وفاقی محتسب کی اس غریب پرور اور فوری کارروائی پر گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ سائلہ کو ان کا پورا حق ملنے اور مکمل اطمینان کے بعد وفاقی محتسب نے مذکورہ شکایت کو باضابطہ طور پر نمٹا (Disposed of) دیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو وفاقی محکموں کی بدانتظامی، غفلت اور عدم توجہی کے خلاف بلا معاوضہ، شفاف اور فوری انصاف ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کا سلسلہ بلاتعطل جاری رہے گا۔

**بقیہ 38**

لستان اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے شہریار خان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے تاجروں، صنعت کاروں، ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو اپنے کاروبار کی توسیع کے لیے مالی معاونت اور قرضوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ EXIM بینک اس سلسلے میں اپنا مؤثر کردار ادا کرے اور بلوچستان کے کاروباری افراد کو آسان شرائط پر قرضوں اور مالی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے میں تعاون کرے، تاکہ وہ اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے ساتھ ملکی و بین الاقوامی تجارت میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر EXIM بینک کے صدر و سی ای او شہباز ایچ سید نے بلوچستان کے کاروباری طبقے کو مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مثبت دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ دونوں جانب سے اس سلسلے میں تعاون کو آگے بڑھانے اور قابل عمل اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔

**بقیہ 39**

انہوں نے اقوام متحدہ کے ادارے یو این ایف پی اے، محکمہ ترقی نسواں حکومت بلوچستان، نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن اور یونیسیف کے اشتراک سے کوئٹہ میں بلوچستان کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کے فریم ورک (GenderNational FrameworkIndicatorsParity) پر منعقدہ دو روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کا فریم ورک خواتین اور مردوں کے درمیان مختلف شعبوں میں موجود تفاوت کی نشاندہی، پیش رفت کی پیمائش اور پالیسی سازی کو قابل عمل بنانے کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس فریم ورک کے ذریعے تعلیم، صحت، معاشی مواقع، سیاسی شرکت، قیادت اور فیصلہ سازی سمیت مختلف شعبوں میں صنفی مساوات کی صورتحال کا منظم جائزہ لیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو درپیش سماجی، معاشی اور تعلیمی چیلنجز کے پیش نظر قابل اعتماد صنفی اعداد و شمار کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں، مختلف اضلاع اور سماجی طبقات کے درمیان موجود فرق کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی پالیسیاں تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو زمینی حقائق کی عکاسی کریں اور خواتین کو عملی طور پر ترقی کے یکساں مواقع فراہم کر سکیں۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے لیبر فورس سروے 2020-21 کے مطابق بلوچستان میں 15 سال سے زائد عمر کی آبادی میں خواتین کی لیبر فورس میں شرکت کی شرح تقریباً 8 فیصد جبکہ مردوں کی شرح 6.43 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو خواتین کی معاشی شمولیت کے حوالے سے موجود بڑے فرق کی نشاندہی کرتی ہے۔ اسی طرح بلوچستان کی صنفی مساوات رپورٹ 2024 بھی خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شرکت اور روزگار کے مواقع بڑھانے کی ضرورت کو اجاگر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے ہنرمندی کی تربیت، کاروبار کے مواقع، مالی وسائل تک رسائی، محفوظ کام کے ماحول اور خواتین کے لیے سازگار ادارہ جاتی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔ حکومت بلوچستان خواتین کی تعلیم، صحت، تحفظ اور معاشی بااختیاری کے لیے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام، خواتین کے قانونی حقوق کا تحفظ، وراثت میں حق کی فراہمی اور عوامی و انتظامی اداروں میں خواتین کی نمائندگی بڑھانا بھی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس مقصد کے لیے سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کے درمیان مربوط تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے تربیتی ورکشاپ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ محکموں کے افسران اور اسٹیک ہولڈرز کی استعداد کار میں اضافے سے صنفی اعداد و شمار جمع کرنے، ان کا تجزیہ کرنے اور انہیں قومی سطح کے اشاریوں کے مطابق مرتب کرنے میں مدد ملے گی۔ اس عمل سے نہ صرف بلوچستان کی حقیقی صورتحال قومی سطح پر اجاگر ہوگی بلکہ پالیسیوں اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثریت جانچنے اور وسائل کی بہتر تقسیم میں بھی معاونت ملے گی۔ مشیر ترقی نسواں نے یو این ایف پی اے، یونیسیف اور نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کی ترقی اور بااختیاری کے لیے تمام متعلقہ اداروں کا مشترکہ کردار وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ ترقی نسواں بلوچستان میں صنفی مساوات کے فروغ، خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں قومی و صوبائی ترقی کے دھارے میں مؤثر طور پر شامل کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

**بقیہ 40**

رہے۔ راولپنڈی سلمان صفدر نے عدالت میں کہا تھا بانی سے ملاقات تک میں دلائل نہیں دوں گا، بانی سے ملاقات نظام کی ضرورت تھی یہ ہم پر احسان نہیں، ملاقات میں قانونی پہلو کے ساتھ بانی اور بشریٰ بی بی کی صحت پر بات ہوئی

صنفی مساوات کے فروغ کے لیے مستند اعداد و شمار، موثر پالیسی سازی اور ادارہ جاتی اشتراک ناگزیر ہے، صوبائی مشیر نسواں

# سول سوسائٹی اور ترقیاتی شراکت داروں کے درمیان مربوط تعاون کو فروغ دینا ہوگا، ربابہ بلیدی

**علانات پر اکتفا کرنے کے بجائے مستند اعداد و شمار، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی سطح پر موثر اقدامات کو یقینی بنانا ہوگا**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا پائیدار سماجی و معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ صنفی مساوات کے فروغ کے لیے محض پالیسیوں اور اعلانات پر اکتفا کرنے کے بجائے مستند اعداد و شمار، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی سطح پر موثر اقدامات کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ 3 نمبر 39)



گوادر: بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی اور چیئرمین نیوٹک قمرالاسلام راجہ ملاقات کر رہے ہیں

ان کی رہائش گاہ کی ڈرون کے ذریعے نگرانی اور فوٹیج بنا کر سوشل میڈیا پر نشر کرنا نہ صرف چادر و چار دیواری کے تقدس کی صریح خلاف ورزی ہے

# مولانا فضل الرحمن کے خلاف غیر اخلاقی سازشوں کے پیچھے ذہنیت قابل شرم ہے

**صرف چادر و چار دیواری کے تقدس کی صریح خلاف ورزی ہے آئین اور قانون کی صریح خلاف ورزی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی صدارت میں قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کی ڈرون کے ذریعے فضائی فوٹیج بنانے اور اسے سوشل میڈیا پر نشر کرنے چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی اور قائد جمعیت کے خلاف منظم حتی پروپیگنڈے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی ریلی سے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ضلعی (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

## انتخابی اصلاحات کمیٹی، ن لیگ کا اپنی نشستیں کم کرنے پر غور

**شہباز شریف تمام اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے خواہاں ہیں، ذرائع**

اسلام آباد (آن لائن) انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں اتحادیوں کو نمائندگی دینے کے معاملے پر انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں اتحادی جماعتوں کو جگہ دینے کے لیے مسلم لیگ ن اپنی نشستیں کم کرنے پر غور کرنے لگی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف تمام اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کے خواہاں ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے علاوہ دیگر اتحادی جماعتوں کو بھی پارلیمانی کمیٹی میں نمائندگی دینے پر مشاورت جاری ہے، مسلم لیگ ق، آئی پی پی اور مسلم لیگ ضیاء کا ایک ایک رکن قومی اسمبلی کمیٹی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

## بلوچستان کوسٹ لائن ویڈیو گرافی مقابلے کا انعقاد

گوادر (خ ن) محکمہ سیاحت حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے کے ساحلی حسن، ثقافت، تاریخی ورثے اور سیاحتی امکانات کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے بلوچستان کوسٹ لائن ویڈیوگرافی مقابلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے اس مقابلے کے تحت شرکا قدرتی (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

## جامعہ تربت عملی تعلیم و تحقیق کی جانب گامزن

**طلبہ کی زرعی فارم میں فصلوں اور درختوں کی بیماریوں کی تشخیص**

**عملی تربیت کے لیے سہولیات اور تعاون فراہم کرنے پر فارم کے مالک پروفیسر طفیل بلوچ کا شکریہ ادا کیا**

کوئٹہ (خ ن) جامعہ تربت نے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سائنسی و عملی تحقیق کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ اسی سلسلے میں شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے بی ایس بوٹنی کے طلبہ نے تربت کے علاقے جوسک میں واقع طفیل ایگریکلچرل فارم کا معلوماتی و تحقیقی دورہ کیا۔ اس فیلڈ وزٹ کا بنیادی مقصد طلبہ کو پودوں، پھلدار درختوں اور فصلوں کو لاحق مختلف بیماریوں (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

## وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار سلیمان خالد کا گمشدہ پارسل دلوادیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار سلیمان خالد نے بتایا کہ انہوں نے بذریعہ ڈاک ایک پارسل ارسال کیا تھا لیکن وہ پارسل متعلقہ شخص تک نہیں پہنچ پایا۔ پوسٹ آفس سے بار بار معلومات کی لیکن کوئی جواب نہ مل سکا، لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

## سلمان صفدر کی بانی سے ملاقات نظام کی ضرورت تھی، یہ ہم پر احسان نہیں، سلمان اکرم راجہ

**مجھے پارٹی میں فارورڈ بلاک کے امکانات نظر نہیں آرہے، لیکن کسی امکان کو خارج بھی نہیں کیا جاسکتا**

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ سلمان صفدر کی بانی سے ملاقات نظام کی ضرورت تھی، یہ ہم پر احسان نہیں، اس ملاقات کے بعد جو بھی قانونی راستہ ہوگا وہ اختیار کریں گے، اس ملاقات سے کسی بریک تھرو کا کوئی امکان نہیں، جب تک سیاسی نوعیت کی ملاقات نہیں ہوگی معاملات آگے نہیں بڑھیں گے۔ منگل کو یہاں سلمان اکرم راجہ اڈیالہ روڈ فیکٹری ناکے پر پہنچ گئے، فیکٹری ناکے پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ راولپنڈی بیرسٹر سلمان کی بانی سے ملاقات نظام کی ضرورت تھی کیونکہ بانی کے مقدمات آگے نہیں بڑھ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

# عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، مولانا ہدایت الرحمن

**حکومت کے ترقیاتی وژن کے مطابق عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، خطاب**

**رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کر دیا**

گوادر/پشکان (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ منصوبہ صوبائی حکومت کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد علاقے میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر، موثر اور مستحکم بنانا ہے۔ منصوبے میں 60 کے وی اے جنریٹر، 30 ہارس پاور موٹر، 45 ہزار واٹ کا سو (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

## ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر سے قومی وسائل ضائع ہوتے ہیں، یعقوب ناصر

**قومی شاہراہوں کی مرمت اور بحالی کے کام تیز کیے جائیں**

لورالائی (خ ن) رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات (CommitteeStanding) Communicationson کے اجلاس میں شرکت کی، جہاں ملک بھر بالخصوص بلوچستان میں نیشنل ہائی وے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

# بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور بینک ای ایکس آئی ایم کا تعاون کو آگے بڑھانے پر اتفاق

**صنعت کاروں، ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو اپنے کاروبار کی توسیع کے لیے مالی معاونت اور قرضوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے**

**بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ سے ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان کے صدر و سی ای او شہباز ایچ سید سے ملاقات**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان (BankEXIM) کے صدر و سی ای او شہباز ایچ سید نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے کاروباری طبقے کو درپیش مالی مشکلات، بالخصوص قرضوں کے حصول میں رکاوٹوں اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بی ای او آئی ٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)



کوئٹہ، ریٹائر ہونے والے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے ڈی آر محمد سلیم کا الوداعی پارٹی کے موقع پر افسران واسٹاف کے ساتھ گروپ فوٹو

## الیکشن کمیشن میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے متعلق کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

**پارٹی نے الیکشن کمیشن کے اعتراضات دور کرکے ترمیم شدہ آئین جمع کروایا ہے، وکیل کامران مرتضیٰ**

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے متعلق کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ منگل کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے آئین میں ترمیم اور انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے کے کیس کی سماعت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ نے کی۔ اس موقع پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے وکیل کامران مرتضیٰ پیش ہوئے۔

## غریب اور مزدور پیشہ ہوں حادثہ کے دوران پاؤں کی ہڈی ٹوٹ گئی، کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے رہائشی کمال خان نے کہا ہے کہ غریب اور مزدور پیشہ ہوں حادثہ کے دوران پاؤں کی ہڈی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

## مہمند، انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانیوالے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ، 2 شہید 1 زخمی

مہمند (آن لائن) مہمند کے علاقے ڈاگ تمازئی میں انسداد پولیو مہم کی ڈیوٹی پر جانے والے پولیس اہلکاروں پر ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح ا (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

## پولیو ٹیم پر حملے میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیر داخلہ

**پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور اہلکار ہمارے صحت مند مستقبل کیلئے کوشاں ہیں، محسن نقوی**

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع مہمند میں انسداد پولیو مہم کے دوران سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

## عالمی برادری کو مقبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے، ڈاکٹر نجیب خان

مظفر آباد (پی آن لائن) صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران کے وفد نے چیئرمین کمیٹی سینیٹر اسد قاسم کی قیادت میں ایوان صدر مظفر آباد میں ملاقات کی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

## وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی مؤثر مداخلت

**بی آئی ایس پی کی غریب خاتون کی بند رقم واگزار، 14,500 روپے وظیفہ جاری**

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں ریجنل آفس خضدار نے عوام الناس، بالخصوص مستحق اور نادار خواتین کو بلاتاخیر انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے روکی گئی وظیفہ کی رقم کی کامیابی سے ادائیگی ممکن بنا دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، تحصیل کرخ (ضلع خضدار) کے علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

## کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت اہم اجلاس

**اس سلسلے میں فوری طور پر ٹرانسپورٹر کیساتھ میٹنگ منعقد کی جائیگی**

**گڈز، پبلک ٹرانسپورٹ کے انٹری مقامات سے مسافروں کی اوورلوڈنگ کی روک تھام کی جائیگی**

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد آر سی ڈی شاہراہ پر شرح حادثات کی ڈیٹا کلیکشن کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ حب کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں منعقدہ اجلاس میں ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ ایس پی لسبیلہ نجیب چندرانی ایس پی حب مرزا اقبال حسن اے ایس پی عدنان بشیر ایس پی ٹریفک بائیاب موٹروے پولیس ضلع حب لسبیلہ کے ضلعی ناظم صحت اور ریسکیو 1122 کے مانیٹرنگ افسر وحتیش کمار لیاری اور وندر کے ریسکیو انچارج وسیم اور فاروق بھی شریک ہوئے اجلاس میں اوتھل (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

## امریکا میں وسط مدتی انتخابات، 5 کروڑ 20 لاکھ سے زائد ووٹ کاسٹ

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکا میں وسط مدتی انتخابات کے سلسلے میں قبل از وقت ووٹنگ کے اعداد و شمار جاری کر دیے گئے، اب تک 5 کروڑ 20 لاکھ سے زائد امریکی شہری (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

## زرعی برآمدات میں اضافے کیلئے حکومت اور نجی شعبے کا مشترکہ کردار ناگزیر ہے، رانا تنویر حسین

**خصوصی کمیٹی کی تجویز، چاول، لائیو سٹاک، تل، کھجور اور دیگر برآمدی اجناس پر توجہ دینگے، وفاقی وزیر**

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کے استحکام اور برآمدات میں اضافے کے لیے زرعی شعبے کی استعداد سے بھرپور استفادہ کرنا ہوگا، جس کے لیے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان موثر اشتراک ناگزیر ہے۔ وزیراعظم کی خصوصی توجہ ملکی برآمدات بڑھانے پر مرکوز ہے اور حکومت زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

## خلیج تعاون کونسل کے رکن ممالک سے کوئی دشمنی نہیں، عباس عراقچی

تہران (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ ایران کو خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے رکن ممالک سے کوئی دشمنی نہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

## آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عملدرآمد کا امکان ہے: اسماعیل بقائی

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ امریکا کے ساتھ سفارت کاری کی بنیاد ایرانی 7 نکاتی تجویز ہے، اب گیند امریکا کے کورٹ میں ہے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عمل درآمد کا امکان موجود ہے۔ انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اب گیند امریکا کے کورٹ میں ہے اور ایران کے مطالبات بالکل واضح اور منطقی ہیں۔ اسماعیل بقائی نے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

آزاد صحافت، آزاد عدلیہ اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہی ایک مستحکم، باوقار اور جمہوری پاکستان کی ضمانت ہیں، مولانا لونی

# آئین، عدلیہ اور صحافت الگ الگ نہیں بلکہ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں

**جس ملک میں عدلیہ کا نظام دباؤ کا شکار ہو اور صحافت کی زبان بندی کی جا رہی ہو، وہاں نہ تو جمہوریت پائیدار ہو سکتی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی نائب امیر مولانا عبداللہ ڈھیر، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمٰن نکیال (باقی صفحہ 3 نمبر 13)



میزئی اڈہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی تنگ مسے زئی واقعے کے خلاف جاری دھرنے کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

## سیاسی کشیدگی اور تناؤ کو کم ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے مکمل باخبر تھے جبکہ انہوں نے حکومت کے خاتمے کو خوش آئند قرار نہیں دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اڈیالہ جیل کے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)



پشکان، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کے دعا کر رہے ہیں

## ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت اجلاس

**عوامی شکایات اور دیرینہ ریونیو مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے**

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت زرعی آمدنی پر ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق بارہواں جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں منعقد ہوا اجلاس میں زرعی آمدنی پر عائد ٹیکس کی وصولی، سرکاری واجبات کی ریکوری، زیر التوا ریونیو مقدمات، انتقالات، اراضی ریکارڈ کی تصدیق و درستگی، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اجلاس کو مختلف امور پر پیش رفت اور موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

## انتخابی اصلاحات کمیٹی کیلئے پیپلز پارٹی نے سینیٹ سے اپنے تین ارکان کے نام تجویز کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نے انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی میں سینیٹ کی نمائندگی کے لیے اپنے تین ارکان کے نام حتمی کر لیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارٹی نے سینیٹر فاروق ایچ نائیک، سینیٹر ضمیر گھمرو اور سینیٹر شہادت اعوان کے نام کمیٹی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

## امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا فلم ہیری پوٹر کے 1 کردار میں فوٹو وائرل

**جے ڈی وینس کے مطابق ان کے بچوں کو ہیری پوٹر کی کہانیوں سے خاص لگاؤ ہے**

نیویارک (سی ایم لنکس) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ہالووین کا تہوار منفرد انداز میں مناتے ہوئے خود کو معروف فلم سیریز ہیری پوٹر کے کردار البس ڈمبلڈور کے روپ میں ڈھال لیا جبکہ اپنے شیر خوار بیٹے کو گھر کے بونے ڈوبی کا لباس پہنایا۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر شیئر کی گئی ویڈیو میں جے ڈی وینس لمبی سفید داڑھی وِگ، نوکیلی ٹوپی اور چمکدار چغہ پہنے گھر کے باہر کھڑے دکھائی دیے۔ انہوں نے اپنے بیٹے کو گود میں اٹھا رکھا تھا جس نے ڈوبی کے کردار سے مشابہ بڑے کانوں والی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ ویڈیو میں وینس نے اپنا تعارف نائب صدر (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

## سپریم کورٹ، بیوی کو آگ لگانے والے ملزم کی اپیل خارج، جبری ریٹائرمنٹ کا فیصلہ برقرار

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے بیوی کو آگ لگانے والے ملزم جواد عباسی کی اپیل کا تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے اپیل خارج کر دی۔ عدالت نے ملزم کی جبری ریٹائرمنٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ جسٹس شاہد وحید کی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

## مستقل امن کیلئے انٹیلی جنس تعاون اور سرحدی نگرانی ناگزیر ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

**اکتوبر میں ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات 226 سے کم ہو کر 143 رہ گئے**

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اکتوبر 2026 کے دوران پاکستان کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال میں نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے، جہاں دہشت گردانہ حملوں میں 37 فیصد، اموات میں 57 فیصد جبکہ زخمیوں کی تعداد میں 71 فیصد کمی واقع ہوئی۔ بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سرزمین علاقوں میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہونا سیکیورٹی فورسز کی موثر حکمت عملی، مسلسل (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

## آئی سی سی کو کرکٹ ورلڈ کپ کے ٹکٹوں کے حصول کیلئے ریکارڈ درخواستیں موصول

اسلام آباد (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو آئندہ سال کرکٹ ورلڈ کپ کے ٹکٹوں کے حصول کے لیے ریکارڈ درخواستیں موصول ہوگئی۔ آئی سی سی کے مطابق ٹکٹوں کے لیے 193 ممالک سے 30 لاکھ شائقین نے رجسٹریشن کرائی، جبکہ مجموعی طور پر 12 (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

## وزیراعظم شہباز شریف سے چینی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شینگ کی ملاقات

**پاکستان اور چین کا تجارت، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا عزم**

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چینی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے (IDCPC) کے وزیر لیو ہائی شینگ (HaixingLiu) نے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور چین کے دیرینہ دوستانہ تعلقات، تزویراتی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے، سیاسی روابط کے فروغ اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی گفتگو ہوئی اور دوطرفہ و کثیر الجہتی فورمز پر قریبی رابطے برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

## شئے مختار بلوچ کا بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے رائز پروگرام کے دفتر کا دورہ

**ترقیاتی سرگرمیوں، کمیونٹی ڈویلپمنٹ منصوبوں اور مجوزہ اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی**

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شئے مختار بلوچ نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے رائز پروگرام کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروگرام کوآرڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

بلوچستان کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے وزیراعظم پاکستان کی خصوصی توجہ ہے فنڈز کی کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی

# چیئرمین نیوٹیک انجینئر قمر الاسلام راجا کا کوئٹہ کا دورہ

**بلوچستان کے مقامی حالات اور ضرورت کے مطابق ترتیب دیے گئے تربیتی پروگراموں کو نہ صرف مضبوط بنانا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) گزشتہ روز چیئرمین نیوٹک انجینئر قمر الاسلام نے کوئٹہ کا دورہ کیا اس موقع پر نیوٹک کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر میڈم نادیہ کریم سہو بھی انکے ہمراہ تھی، چیئرمین نیوٹیک (NAVTTC) انجینئر قمر الاسلام راجا نے اپنے دورہ کوئٹہ کے دوران ویمن ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر کا خصوصی دورہ کیا۔ جہاں مشیر وزیر اعلیٰ برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی، سیکرٹری محنت و افرادی قوت صالح محمد ناصر، ایم ڈی بی ٹیوٹا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)



کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے اجلاس کی صدارت خان زمان کر رہے ہیں حاجی بشیر احمد، قاسم خان، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، عارف نیچاری، ظفر خان رند، حبیب اللہ، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی اور دیگر شریک ہیں

## پاکستان نے چاول کی برآمدات میں ویتنام کو پیچھے چھوڑ دیا، ستمبر میں 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول برآمد

اسلام آباد (آن لائن) خلیجی خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور عالمی بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باوجود پاکستان نے چا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

## پولیو مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی چمن

**پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف ہر صورت یقینی بنایا جائے**

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی اور ایم ایس نیوڈی ایچ کیو ہسپتال چمن نے آج ایک بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع چمن میں خصوصی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت اور انسداد پولیو پروگرام کے متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن نے پولیو افسران اور محکمہ صحت کے حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

## انتخابی اصلاحات کی پارلیمانی کمیٹی میں ایم کیو ایم کی نمائندگی حکومت کیلئے چیلنج بن گئی

اسلام آباد (آن لائن) انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی میں اتحادی جماعتوں کی نمائندگی کا معاملہ حکومت کے لیے مشکل صورت اختیار کرنے لگا، متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) نے کمیٹی میں صرف ایک رکن شامل کرنے کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اس پر نظرثانی کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما سید امین الحق نے حکومتی چیف وہپ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

## کوہلو، میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ کرپشن کے خلاف مکینوں کا احتجاج کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ ما (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

## مشرق وسطی عالمی طاقتوں کی کشمکش کا میدان نہیں بننا چاہیے: چینی صدر

**تعاون کو مزید مضبوط بنا کر خطے میں جلد امن و سکون کی بحالی کے لیے کام کرنے کو تیار ہے**

**خطے میں امن و استحکام کے لیے تمام فریقوں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی**

بیجنگ (سی ایم لنکس) چینی صدر شی جن پنگ نے مشرق وسطی کو عالمی طاقتوں کی کشمکش کا میدان بننے سے روکنے پر زور دیا ہے۔ چینی سرکاری میڈیا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ کا کہنا ہے کہ مشرق وسطی اور خلیجی خطہ بڑی طاقتوں کی رقابت اور جغرافیائی سیاسی تنازعات کا میدان نہیں بننا چاہیے۔ انہوں نے کہا ہے کہ چین سیاسی اور سفارتی ذرائع سے تنازعات (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

## ضلعی انتظامیہ اپنے ان جرات مند افسران اور جوانوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، کمشنر لسبیلہ

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے آفس سے جاری کردہ سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق ضلع لسبیلہ کی تحصیل بیلہ میں آر سی ڈی ہائی وے پر تخریب کاری اور امن و امان کو نقصان پہنچانے کی نیت سے بچھائے گئے تین انتہائی خطرناک دیسی ساختہ بارودی مواد (IEDs) کی موجو (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

## خطے کے ممالک ایران کیخلاف جنگ کی حمایت نہ کریں: عباس عراقچی

**کیونکہ ایسے دشمنوں کا سامنا کر رہے ہیں جو شخصیات کو نشانہ بنانا چاہتے ہیں**

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران کیخلاف نئی جنگ کی حمایت نہ کریں، امید ہے خطے کے ممالک ماضی سے سبق سیکھ چکے ہوں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے روسی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ایران نے خلیجی ہمسایہ ممالک کو نہیں بلکہ صرف امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا، خطے کے ممالک کو آگاہ کیا تھا حملے کی صورت میں خطے میں امریکی اڈے نشانہ ہوں گے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران نے امریکی حملے کی صورت میں جوابی کارروائی سے متعلق پیشگی اطلاع دی تھی، خلیجی ممالک میں ایرانی میزائلوں کے گرنے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

## نیویارک سٹی میراتھن میں امین مکاتی کا شاندار اعزاز، میراتھن مکمل کرنیوالے تیز ترین پاکستانی رنر بن گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستانی لانگ ڈسٹنس رنر امین مکاتی نے نیویارک سٹی میراتھن میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 42 اعشاریہ 195 کلومیٹر میراتھن کو 2 گھنٹے 53 منٹ اور 42 سیکنڈ میں میراتھن کو مکمل کرنیوالے تیز ترین پاکستانی رنر ہونے کا (باقی صفحہ 3 نمبر 25)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کے نظام کی بہتری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com